Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14
بدھ ، 28 اگست 2024ء، 22 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے
شمارہ 289

ریکوڈک منصوبے کی سکیورٹی کی مد میں ایف سی بلوچستان کیلئے ایک ارب 95 کروڑ روپے کی منظوری

آپریشن عزم استحکام کیلئے 20 ارب روپے کی منظوری

انسداد دہشت گردی کے لیے وفاقی کابینہ اپنی مسلح افواج کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ نیشنل ایپکس کمیٹی میں آپریشن عزم استحکام کی منظوری دی گئی تھی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی کابینہ نے آپریشن عزم استحکام کے لیے فوری 20 ارب روپے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے بھی آپریشن کے لیے 20 ارب روپے کی منظوری دے دی تھی۔ انسداد دہشت گردی کے لیے وفاقی کابینہ اپنی مسلح افواج کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ نیشنل ایپکس کمیٹی میں آپریشن (بقیہ نمبر 31)

اسرائیلی وزیر کا بیان عالم اسلام کیلئے لمحہ فکریہ ہے: طاہر محمود اشرفی

یہودی وزیر کا بیان مشرقِ وسطیٰ اور عالمی امن سے کھیلنے کے مترادف ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان علماء کونسل کے مرکزی چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیر اتمار بن گویر کا بیان پورے عالم اسلام اور امن چاہنے والوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ طاہر محمود اشرفی نے (بقیہ نمبر 30)

منسوخ اور جعلی شناختی کارڈز پر جاری 70 ہزار سمز بلاک

شناختی کارڈز پر جاری سمز ایک ہفتے کے اندر بلاک کر دی جائیں گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک میں غیر قانونی سمز کی روک تھام کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے منسوخ شدہ یا جعلی شناختی کارڈز پر جاری ہونے والی 69 ہزار سمز کو بلاک کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بائیو میٹرک (بقیہ نمبر 32)

روٹی پہ ٹیکس نامنظور
روٹی پہ ٹیکس نامنظور
آٹے پر ٹیکس نامنظور
بجلی مہنگی نامنظور
نانبائیوں کا معاشی قتل بند کرو

اسلام آباد: مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری، صدر آل پاکستان نان بائی ایسوسی ایشن شفیق قریشی، اسلام آباد صدر نان بائی جنرل ایسوسی ایشن جہانگیر عباسی، سینئر نائب صدر سردار توقیر، مظلوم مغل، تنویر احمد، ضیاء احمد راجہ ودیگر بے جا ٹیکسز کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

فتنہ الخوارج کیخلاف آپریشن

25 خوارج ہلاک

4 جوان شہید

ضلع خیبر کے علاقے تیراہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں 11 خوارج زخمی بھی ہوئے، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج اور اس سے وابستہ افراد کو دھچکا لگا، آئی ایس پی آر کا بیان

راولپنڈی (این این آئی) انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج اور اس سے وابستہ افراد کو دھچکا لگا، آئی ایس پی آر سکیورٹی فورسز کے ضلع خیبر کے علاقے تیراہ میں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن میں 25 خوارج ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع خیبر کے علاقے تیراہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں 11 خوارج زخمی بھی ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 4 جوانوں نے جام شہادت (بقیہ نمبر 20)

علامہ ہاشم حقانی کی صاحبزادی نے 8 سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کرلیا

خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد کی شہزادی اقراء فاطمہ بنت ہاشم حقانی نے انتہائی کم عمری میں قرآن مجید حفظ کی تکمیل کر لی

خطیب اہل بیت علامہ ہاشم حقانی القادری اپنی بیٹی کو حفظ قرآن مکمل کرنے پر مبارکباد دے رہے ہیں

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) علامہ ہاشم حقانی کی صاحبزادی نے 8 سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کرلیا ،خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد کی شہزادی اقراء فاطمہ بنت ہاشم حقانی نے انتہائی کم عمری میں قرآن مجید حفظ کی تکمیل کر لی، استاذء المکرم نے اپنے بیٹی کو قرآن پڑھایا ،ہم مرکز اہل سنت ادارہ کنزالایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد کے جملہ معلمین متعلمین وابستگان کی طرف سے تہنیت وتبریک پیش کرتے ہیں۔

وفاقی وزیر احسن اقبال کا موبائل فون جیب سے نکال لیا گیا

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے شہر شیخوپورہ میں وفاقی وزیر احسن اقبال کا موبائل فون جیب سے نکال لیا گیا۔ احسن (بقیہ نمبر 52)

دہشت گردی کے واقعہ میں جاں بحق دو افراد کی میتیں بورے والا پہنچ گئیں

بورے والا (این این آئی) موسی خیل میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں جاں بحق ہونے والے دو افراد کی (بقیہ نمبر 37)

بینکوں سے مناسب شرح سود پر قرض ملے گا: وزیر مملکت برائے خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک نے امید ظاہر کی ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام جلد منظور ہو جائے گا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو (بقیہ نمبر 51)

3 لاکھ 62 ہزار سے زائد چالان عدالتوں میں جمع نہ ہو سکے

لاہور ہائیکورٹ نے آئی جی پنجاب سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں 3 لاکھ 62 ہزار سے زائد چالان عدالتوں میں جمع نہ ہوسکے، لاہور ہائیکورٹ نے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے (بقیہ نمبر 36)

آج ملک گیر تاریخی شٹر ڈاؤن ہوگا، ملک بھر کی تاجر تنظیموں کا اعلان

،حکومت کے ساتھ مذاکرات کے کسی ڈرامہ میں تاجر شریک نہیں ہیں، ہڑتال عوامی ریفرنڈم ثابت ہوگی، پاکستان کا تاجر بہت سی قربانیاں دے چکا

اب پاکستان کے اشرفیہ کو قربانی دینی ہوگی، حکمرانوں کی عیاشیوں کیلئے ٹیکس نہیں دینگے، تاجروں کا اعلان، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد: مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری، شاہد عمران گوندل، شفیق قریشی ودیگر تاجر رہنماء این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی تاجر تنظیموں نے 28 اگست کو مکمل شٹر ڈاؤن کا اعلان کیا ہے ،حکومت کے ساتھ مذاکرات کے کسی ڈرامہ میں تاجر شریک نہیں ہیں، ہڑتال عوامی ریفرنڈم ثابت ہوگی، پاکستان کا تاجر بہت سی قربانیاں دے چکا، اب پاکستان کے اشرفیہ کو قربانی دینی ہوگی، حکمرانوں کی عیاشیوں کیلئے ٹیکس نہیں دینگے ،تاجروں کا اعلان، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے تاجر رہنماؤں مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری، آل پاکستان نانبائی ایسوسی ایشن کے صدر شفیق قریشی، اسلام آباد جنرل نانبائی ایسوسی ایشن کے صدر جہانگیر عباسی، سینئر نائب صدر سردار توقیر، سیکرٹری جنرل مظلوم مغل، تنویر احمد، صدر آل پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن شیخ جاوید، ملک رضوان، افتخار عباسی، ودیگر کا کہنا تھا کہ 28 اگست کی ہڑتال کے حوالے سے غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے، ملک بھر کے تاجر یہ واضح کرتے ہیں کہ کوئی بھی تاجر نمائندہ ایف بی آر کیساتھ مذاکرات نہیں کر رہا ہے، ملک کی دونوں بڑی تاجر تنظیموں نے سولہ اگست کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن کا اعلان کیا تھا حکومت اگر سنجیدہ ہوتی تو اس کے پاس مذاکرات کیلئے بارہ دن تھے ، تاجروں نے حکومت سے بہت مذاکرات کی کوشش کی جو ناکامیاب ہوئے ، حکومت کی طفل تسلیوں اور جھوٹے وعدوں کو خوب سمجھتے ہیں، حکومت نے تاجروں کو دھمکیوں اور نوٹسز کے ذریعے (بقیہ نمبر 21)

انٹرنیٹ کی بندش سے پاکستان کو 65 ارب کا نقصان

انٹرنیٹ بندش کا مجموعی دورانیہ 259 گھنٹے رہا جو تازہ ترین اعداد و شمار میں دکھائے گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیٹ شٹ ڈاؤن سے 2023 میں پاکستان کی اقتصادیات کو 65 ارب روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ انٹرنیٹ کی بندش سے 8 کروڑ 30 لاکھ پاکستانی متاثر ہوئے جبکہ انٹرنیٹ بندش کا مجموعی دورانیہ 259 گھنٹے رہا جو تازہ ترین اعداد و شمار میں دکھائے گئے ہیں۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ گزشتہ مالی سال نقصان کی مد میں پاکستان ساتویں پوزیشن پر ہے۔ اٹیسٹا ایک جرمن (بقیہ نمبر 54)

پاپولیشن ویلفیئر افسران کی صلاحیت سازی کی تربیت کے ریفریشر کورس کا اہتمام

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے کا ریفریشر کورس(CLMIS سنٹرلائزڈ لیبارٹری مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم) میں شرکت کرنے والے افسران سے خطاب

ریفریشر کورس کے ذریعے تربیت یافتہ افسران لیبارٹری کے کاموں کو مؤثر طریقے سے منظم کرتے ہوئے ڈیٹا کی سالمیت اور تعمیل کو برقرار رکھ سکیں

ٹیسٹ کے نتائج کا اندراج اور تصدیق کیلئے رپورٹنگ اور تجزیات کو سامنے رکھتے ہوئے رپورٹس اور ڈیش بورڈ کو تیار کرسکیں گے

اس عمل میں لیبارٹری مینیجرز، سپروائزر، تکنیکی ماہرین، کوالٹی کنٹرول کے اہلکار، CLMIS کی دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار IT معاون عملہ شامل

TRAINING on
cLMIS
IN COLLA... WITH UNFPA
Population ... Department

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے صوبہ بھر بہبود آبادی افسران کی صلاحیت سازی تربیت کے ریفرشر کورس میں شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) محکمہ بہبود آبادی کے تعاون اور UNFPA کے زیر اہتمام آج مقامی ہوٹل میں پاپولیشن ویلفیئر افسران کی صلاحیت سازی کی تربیت کے ریفریشر کورس CLMIS سنٹرلائزڈ لیبارٹری مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم) کا اہتمام ہو۔ اس کورس کا مقصد شرکاء کی تربیت اور ان کے کام میں نکھار پیدا کرکے اہم تفصیلات کا احاطہ کرنا اور لیبارٹری کے اعداد و شمار، نمونوں، اور ورک فلو کو مؤثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے CLMIS استعمال کرنے میں لیبارٹری کے اہلکاروں کے علم اور مہارت کو نکھارنا اور (بقیہ نمبر 38)

دوبئی ہولڈنگ کی اہم ترین رئیل اسٹیٹ آرم اور دوبئی ہولڈنگ رئیل اسٹیٹ کی ایک رکن نخیل نے پام جبل علی پر بحری کاموں کے لیے

جان ڈی نول ڈریجنگ لمیٹڈ کو آٹھ سو دس ملین درہم کا ٹھیکہ مل گیا

مشہور و معروف بین الاقوامی جان ڈی نول گروپ کمپنی ڈریجنگ، زمین کی بحالی، ساحل سمندر کی پروفائلنگ اور ریت کی جگہ کا تعین کرنے کے لیے ذمہ دار ہوگی جو تمام اطراف میں ولاز کی تعمیر میں براہ راست تعاون کرے گی

اہم بات یہ ہے کہ منصوبے کے پہلے آٹھ حصے 2025 کی پہلی سہ ماہی تک سائٹ کے لیے تیار ہو جائیں گے جس سے مضافاتی مکانات اور سول ورکس کے آغاز کی اجازت ہوگی

دوبئی اکنامک ایجنڈا D33 کی حمایت کرتے ہوئے یہ پروجیکٹ جبیل علی کے علاقے میں ایک نئی ترقی کی راہداری کا آغاز بھی کرتا ہے جو متحدہ عرب امارات کی توسیع کو واضح کرتا ہے

دوبئی (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) متحدہ عرب امارات کی ریاست دوبئی میں نخیل ایک بار پھر سے چھا گئی ہے اور بہت بڑا پراجیکٹ حاصل کرنے میں بڑی کامیابی حاصل کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق دوبئی ہولڈنگ کی اہم ترین رئیل اسٹیٹ آرم اور دوبئی ہولڈنگ رئیل اسٹیٹ کی ایک رکن نخیل نے پام جبل علی پر بحری کاموں کے لیے جان ڈی نول ڈریجنگ لمیٹڈ کو آٹھ سو دس ملین درہم کا ٹھیکہ دے دیا ہے۔ مشہور و معروف بین الاقوامی جان ڈی نول گروپ کمپنی ڈریجنگ، زمین کی بحالی، ساحل سمندر کی پروفائلنگ اور ریت کی جگہ کا تعین کرنے کے لیے ذمہ دار ہوگی جو تمام اطراف میں ولاز کی تعمیر میں براہ راست تعاون کرے گی۔ اس کمپنی کے متحرک ہونے کی سرگرمیاں پہلے سے ہی جاری ہیں، توقع ہے کہ جان ڈی نول ڈریجنگ صرف دو سالوں میں پام جبیل علی میں سمندری کاموں کا پورا دائرہ مکمل کرلے گی۔ اہم بات یہ ہے کہ منصوبے کے پہلے آٹھ حصے 2025 کی پہلی سہ ماہی تک سائٹ کے لیے تیار ہو جائیں گے جس سے مضافاتی مکانات اور سول ورکس کے آغاز کی اجازت ہوگی۔ نخیل کی طرف سے دو بڑے بنیادی ڈھانچوں کے معاہدوں کے حالیہ ایوارڈ کے بعد ایک نئی عوامی رسائی سڑک کی تعمیر پر بھی کام شروع ہو گیا ہے جو شیخ زاید روڈ سے مرکزی سرزمین سے پام جبیل علی تک روڈ وے اور روشنی میں اضافہ کے علاوہ رسائی بھی فراہم کرے گی۔ یو اے ای کے نائب صدر و وزیر اعظم اور دوبئی کے بادشاہ حکمران عزت مآب شیخ محمد بن راشد المکتوم کی طرف سے انکشاف کیا گیا کہ پام جبل علی رہائشیوں، خاندانوں اور زائرین کے لیے عیش و آرام کی طرز زندگی کی سہولیات کی ایک غیر معمولی وسعت پیش کرے گا۔ دوبئی اکنامک ایجنڈا D33 کی حمایت کرتے ہوئے یہ پروجیکٹ جبیل علی کے علاقے میں ایک نئی ترقی کی راہداری کا آغاز بھی کرتا ہے جو متحدہ عرب امارات کی توسیع کو واضح کرتا ہے۔

NAKHEEL
DUBAI HOLDING
PALM JEBEL ALI
Jan De Nul

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے، ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک

ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا

ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری اور مستعدی سے سرانجام دیں، ڈیوٹی میں کوتاہی اور لاپرواہی کرنیوالوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائیگی

ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ مختلف شاہراہوں پر شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرے گی، ایس ایس پی ٹریفک

ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ٹریفک ہیڈکوارٹر اسلام آباد میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اجلاس، وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی (بقیہ نمبر 39)

7 لاکھ سے زائد آبادی والے شہر کو بگ سٹی قرار دینے کی تجویز

پہلی دفعہ تحصیل کونسل کا قیام کی بھی تجویز دیدی گئی، نئے بلدیاتی ایکٹ کی تیاری

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت نئے بلدیاتی ایکٹ کی تیاری کے حوالے سے سول سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا جس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن، ٹاؤن کارپوریشن اور میونسپل کمیٹی کے دائرہ کار پر غور کیا گیا۔ سیکرٹری لوکل (بقیہ نمبر 40)

پاکستان نرسنگ کونسل کی صدر کی ڈگری غیر مستند ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نرسنگ کونسل کی صدر فرزانہ ذوالفقار کی ڈگری بین الاقوامی ادارے سے تسلیم شدہ نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی انٹراپارٹی الیکشن کیس کی الیکشن کمیشن میں سماعت

ایف آئی اے نے چھاپہ مار کر ہمارا تمام ریکارڈ ضبط کر لیا

اصل دستاویزات اور الیکٹرانک ریکارڈ بھی موجود نہیں، وکیل کے دلائل

آپ نے جن 39 ارکان کو پی ٹی آئی کا تسلیم کیا انہیں بھی سرٹیفکیٹ میں نے جاری کیے ہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) انٹرا پارٹی الیکشن کیس کی سماعت الیکشن کمیشن میں ہوئی۔ سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے وکیل عزیر بھنڈاری نے دلائل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے 4 درخواستیں دائر کرائی ہیں، ایف آئی اے نے چھاپہ مار کر ہمارا تمام ریکارڈ ضبط کرلیا تھا، ہمارے پاس اصل دستاویزات اور الیکٹرانک ریکارڈ بھی موجود نہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ نے جن 39 ارکان (بقیہ نمبر 55)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں 3 فیصد تک اضافہ

عالمی سطح پر گیس کی قیمت میں بھی 3 فیصد کمی دیکھی گئی ہے

کراچی (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں 3 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔ برطانوی خام تیل برینٹ آئل کی قیمت فروخت 81 ڈالر فی (بقیہ نمبر 47)

یوٹیلٹی اسٹورز بندش سے متعلق حکومت سے جواب طلب

یوٹیلٹی اسٹورز منافع بخش ادارہ ہے جو سالانہ 25 ارب روپے ٹیکس کی مد میں ادا کرتا ہے، دو ارب روپے خالص منافع کما رہا

آئی ایم ایف کی ہدایات پر یوٹیلٹی اسٹورز کو بند کیا جا رہا ہے جس سے گیارہ ہزار افراد بے روزگار ہو جائیں گے، وکیل درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے ملک بھر میں یوٹیلٹی اسٹورز کی بندش کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران وفاقی حکومت سمیت دیگر سے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس محمد رضا قریشی نے یوٹیلٹی اسٹورز ایسوسی ایشن کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار مزمل رفیق کی جانب سے آصف شہزاد ساہی ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور موقف اپنایا کہ درخواست گزار عرصہ 10 سال سے یوٹیلٹی سٹور کا ملازم (بقیہ نمبر 57)

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین 13 ممالک کے اعزازی قونصل جنرلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351 ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

اسرائیلی بربریت کا ردِعمل!

ناجائز ریاست اسرائیل کی دہشت گردی جاری ہے اور صرف غزہ میں بسنے والے معصوم اور مظلوم فلسطینی ہی اس کی زد میں نہیں آرہے بلکہ مشرقِ وسطیٰ کے دیگر علاقوں کے لوگ بھی اس کا نشانہ بن رہے ہیں۔ لبنان کی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ نے اسرائیلی دہشت گردی کی ایک ایسی ہی کارروائی کا جواب دیتے ہوئے اپنے کمانڈر فواد شکر کے قتل کا بدلہ لینے کے لیے اسرائیل پر 320 راکٹ اور 100 سے زائد دھماکا خیز ڈرون فائر کیے۔ حزب اللہ نے شمالی اسرائیل میں قائم مختلف شہروں پر ڈرون طیاروں اور راکٹوں سے حملہ کیا جس میں اسرائیلی فوجی تنصیبات اور دفاعی نظام آئرن ڈوم کو نشانہ بنایا گیا۔ حزب اللہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ ہمارے بدلے کا صرف پہلا مرحلہ ہے جو مکمل ہوا ہے۔ حملے کے بعد تل ابیب سے آنے اور جانے والی تمام پروازوں کو معطل کردیا گیا تھا جنھیں اب بحال کردیا گیا ہے۔

حملوں کے بعد اسرائیل میں دو روز کے لیے ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا اور لوگوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسرائیلی جنگی طیاروں نے بھی لبنان پر حملے شروع کردیے ہیں جبکہ اسرائیلی فوج نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ہماری ایئر فورس کے 100 جنگی طیاروں نے حزب اللہ کے راکٹ لانچر سائٹس پر پیشگی حملے کرکے ہزاروں راکٹس کو حزب اللہ کے حملے سے قبل ہی تباہ کردیا تھا۔ حزب اللہ کے حملے کے وقت آئرن ڈوم میزائل عکا کے ساحل کے قریب تعینات کشتی کے نزدیک گرنے سے اسرائیلی بحریہ کا ایک اہلکار ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی کشیدگی پر وائٹ ہاؤس نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ امریکی صدر جو بائیڈن اسرائیل اور لبنان کی تازہ صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، صدر بائیڈن قومی سلامتی ٹیم سے رابطے میں ہیں اور ان کی ہدایت پر سینئر امریکی حکام اسرائیلی ہم منصبوں سے رابطے میں ہیں۔

اسرائیل پر کیے گئے جوابی حملے کے حوالے سے حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ نے کہا ہے کہ ہمارا ردعمل خطے کی کچھ وجوہ کے باعث تاخیر کا شکار رہا۔ خطے میں بڑے پیمانے پر امریکی اور اسرائیلی فوجی نقل وحرکت بھی ایک وجہ تھی۔ ہم نے اپنے کمانڈر کی شہادت کے بدلے میں شہریوں کو نشانہ نہ بنانے کا فیصلہ کیا۔ ہم نے اسرائیلی انفراسٹرکچر کو بھی نشانہ نہیں بنایا۔ ہم تل ابیب کے نزدیک اسرائیلی فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانا چاہتے تھے۔ اسرائیلی فوجی انٹیلی جنس بیس کو نشانہ بنانے کا فیصلہ کیا۔ ہم نے اسرائیل کے 110 کلومیٹر فوجی انٹیلی جنس بیس کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی آئرن ڈوم کی زد میں نہ گرنے والے کاتیوشا میزائل فائر کیے۔ پہلی بار بیکا کے علاقے سے اسرائیل پر ڈرونز فائر کیے۔

خالی ہاتھ

تحریر۔سجل علی

میرا نام پیسہ ہے لیکن مختلف لوگ مجھے مختلف ناموں سے پکارتے اور بلاتے ہیں لیکن نام چاہے کوئی بھی لیں اور کسی بھی نام سے بلائیں مجھے ہمیشہ پیار سے ہی پکارا گیا ہے۔ شکل وصورت سے میں کاغذ کے چند ٹکڑوں پر مشتمل ہوں لیکن میرے رنگ و روپ مختلف ہیں اور خوش آئند بات یہ بھی ہے کہ میں پرانا ہو کر بھی پرانا نہیں ہوتا انتہائی خستہ حالت میں بھی مجھے ہاتھوں ہاتھ سنبھالا جاتا ہے اور سب سے اچھی اور خاص جگہ پر سنبھال کر رکھا جاتا ہے مجھ پر چاہے کتنی ہی جھریاں پڑ جائیں میری حالت کتنی ہی خراب کیوں نہ ہو جائے میری اہمیت و قیمت میں کوئی فرق نہیں پڑتا بچے بوڑھے جوان مرد عورت سب میرے دیوانے ہیں یہاں تک کہ میری خاطر جان دینے سے بھی کوئی دریغ نہیں کرتا اور ایسی بہت سی مثالیں ہر دور کی گواہ ہیں کہ کتنوں نے میرے لیے جان دی اور کتنوں نے لیں جب کہ میں نے کبھی ان کے ساتھ ہمیشہ رہنے کا کوئی وعدہ نہیں کیا کیونکہ میرا کوئی کتنا ہی خیر خواہ کیوں نہ ہو میری فطرت میں ہے کہ میں کسی ایک کے پاس یا ایک جگہ پر زیادہ ٹک نہیں سکتا اس کے باوجود پوری دنیا میرے پیچھے ہے بلکہ میری خاطر اس زندگی کو بے سکون کر رہی ہے اور اگلی زندگی کو تباہ۔

اب میں اپنی کچھ اور خصوصیات آپ لوگوں کے گوش گزار کرتا ہوں میں جس کسی کے پاس ٹک جاؤں انہیں امیر کہا جاتا ہے اور امیر لوگ جہل ہوں بدتمیز ہوں یا بد اخلاق ہوں بے حس ہوں یا ظالم کچھ بھی ہوں وہ امیر ہی ہوتے ہیں اور انہیں کوئی کچھ بھی نہیں کہہ سکتا بلکہ ان کا کوئی بال بھی بیکا نہیں کرسکتا اور انہیں سب پسند بھی کرتے ہیں کیونکہ بقول قتیل شفائی

ان کے عیب بھی زمانے کو ہنر لگتے ہیں
جن کے آنگن میں امیری کے شجر لگتے ہیں

اس کے علاوہ میں یہ سمجھتا ہوں بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ میرے سے زیادہ طلسماتی طاقت اس دنیا میں اور کسی کے پاس بھی نہیں کیونکہ میں نے بڑے بڑے علماء مشائخ کو جرنیل و کرنیل کو بادشاہ و وزراء کو آپنے آگے جھکتا بلکہ بکتا دیکھا ہے۔

اور اچھے اچھے کو گداگر بنا دیتا ہوں اور میری طاقت کا انداز آپ اس بات سے بھی لگا سکتے ہیں کہ وہ جذبے جو بہت انمول ہوتے ہیں جن کی کوئی قیمت نہیں ہوتی جن کا کوئی نعیم البدل نہیں ہوتا مثلاً محبت، ہمدردی و غمگساری، احساس محسوسات، خودی و خودداری، عزت، نفس وضمیر یہ بہت قیمتی ماوراء اور لسانی ہے لیکن یقین جانیے میں حیران و پریشان رہ گیا جب انہوں نے بھی میرے اگے سر جھکا دیا اور میرے لیے غلامی قبول کر لی ذلت ورسوائی کی غلامی وہ بھی خوشی کے ساتھ۔

اس کے علاوہ میں پڑھے لکھے ذہنوں کو غلام بنا لیتا ہوں آخرت کی یاد بھلا دیتا ہوں انسان کو حیوان کے طور طریقے سکھا دیتا ہوں اور انسان کو انسانیت بھلا کر آدمیت سے بھی گرا دیتا ہوں۔ زمین و اسمان کی اونچائی سے موازنہ کرلیں یا پھر سمندروں کی وسعت سے سچائی و ایمانداری سب دھرے کا دھرہ رہ جاتا ہے جب بات میری آتی ہے تو سب ناکام ہو جاتے ہیں۔

مجھے اور اور ، اور کھانے کے لالچ نے بھوکوں کی بھوک تک کا احساس تک مٹا دیا ہے مجھ سے خرید کر کپڑا پہننے والوں کے اندر سردی سے ٹھٹھرتے ننگے جسموں کی تکلیف کو محسوس کرنا چھوڑ دیتے ہیں چمکتی گاڑیوں کی چمک نے سردی اور گرمی کی حدت و شدت کو محسوس کرتے ہوئے پاؤں کو روند ڈالا ہے۔

میری خاطر دنیا نے حرام وحلال کی تمیز تک چھوڑ دی اور یہ بھی نہیں سوچا کہ جس اولاد کے لیے یہ مجھے سمیٹ سمیٹ کر اپنے لیے ایندھن تیار کر رہے ہیں اس اولاد نے ان کے مرنے کے بعد دعا بھی کروانی ہے یا نہیں۔

زمین وجائیداد کے لیے ناحق قتل وغارت کرر ہے ہیں اور کیا پتہ کل کو دوگز زمین کی جگہ بھی نصیب میں ہے یا نہیں۔

آپ لوگوں کو شاید پتہ نہیں ہے کہ میں خود اندھا ہوں لیکن میں نے سب کو نہ صرف اندھا بنا رکھا ہے بلکہ تمام حسوں کو اپنے قبضے میں کرر کھا ہے میں سچ کو نظر انداز کروا سکتا ہوں بلکہ دلائل کے ساتھ جھٹلوا دیتا ہوں قاضی ومنصب کو اپنا تابعدار بنا لیتا ہوں لالچ کو ہوا دے کر احساس کو خور غرضی کی نیند سلا دیتا ہوں۔

اچھائی وخلوص کو مطلب پرست کہہ کر رد کروا دیتا ہوں اور تو اور میں گدھے کو باپ بھی بنوا دیتا ہوں حالانکہ میری چند ایک خصوصیات چھوڑ کر باقی ساری منفی قوتیں ہیں انسان میرے لیے جو کچھ چھوڑتا ہے یا بیچتا ہے ان کی قیمت میں خود بھی ادا نہیں کر سکتا لیکن اس کے باوجود وہ یہ خسارے کا سودا میرے ساتھ کرتا ہے کاش میں بول سکتا تو بتاتا انسان کو کہ میں بہت کچھ ضرور ہوں لیکن سب کچھ نہیں۔

اور اتنا طاقتور ہو کر بھی خودی وخودداری کو احساس محسوسات کو خلوص و محبت کو ہمدردی و غمگساری کو اور نیند وسکون کو یار کی یاری و وفا کو خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتا میں آب حیات پلانے کی استطاعت نہیں رکھتا میں موت کو روکنے کی صلاحیت نہیں رکھتا لیکن انسان تم نے میرے پیچھے اپنا سب کچھ تباہ و برباد کر دیا دین و دنیا بھی چھوڑ دی والدین بھی چھوڑ دیے محبت بھی چھوڑ دی بھائی بہن بھی چھوڑ دیے رشتہ داروں سے بھی نفرت کرنے لگا صرف اور صرف مجھے حاصل کرنے کے چکر میں لیکن یہ تو بتا جب جاننا ہی خالی ہاتھ ہے تو پھر مجھے دونوں ہاتھوں سے سمیٹنے کی کوشش کس لیے۔

غضب کا نظارہ ہے اس عجیب سی دنیا کا لوگ سب کچھ بٹوارے میں لگے ہوئے ہیں خالی ہاتھ جانے کے لیے

مدھانی اور چاٹی کی لسی

تحریر۔بسم اللہ ارم

ماضی میں صبح کے وقت گاؤں کی بزرگ خواتین مدھانی سے لسی اور مکھن بناتی تھی، جسے ہماری جٹکی زبان میں جھگاہ کہتے ہیں۔ اس دور میں صبح ناشتے کے ساتھ لسی اور مکھن نا صرف گھر والوں کو دستیاب ہوتا تھا بلکہ ارد گرد کی آبادیوں کے لوگ خصوصاً بچے اور خواتین آ کر گھروں سے چاٹی کی لسی لے جاتے تھے۔ یعنی جس گھر میں جانور ہوتے تھے اس کے ساتھ دودھ اور لسی کا انتظام فری ہوتا تھا۔ اس دور میں دودھ کو بیچنا برا سمجھا جاتا تھا اور کہتے تھے کہ نور خدا سے گھی، دہی، مکھن اور لسی بنائی جائے بیچا نہ جائے۔ دیسی طریقوں سے دودھ سے دہی لسی اور مکھن کو الگ کیا جاتا تھا۔ روایتی طریقوں سے کام لیا جاتا تھا۔ خواتین خود دودھ دوھتی، دودھ کو آپلوں یا لکڑی کی ہلکی آنچ پر دوپہر سے پہلے پہلے کاڑ لیا جاتا اور اس کو ٹھنڈا کرنے کے لئے پرات میں ٹھنڈے پانی میں ڈال کر رکھ دیا جاتا۔ رات ہوتے ہی اس میں ہلکی سی دہی کا خمیر لگا دیا جاتا اور صبح تک وہ دہی بن جاتی تو صبح کے وقت لکڑی سے بنی ہوئی رنگین مدھانی اور چاٹی دھاگے یا چمڑے سے بنے نہالے سے باقاعدہ طور پر جوڑا جاتا اور اس کے بعد مرغے کی اذان کے ہوتے ہی باقاعدہ طور پر مدھانی اور چاٹی کو جوڑ کر لسی بنانے کا عمل اور مکھن بنانے کا عمل شروع ہو جاتا۔ اس عمل کے لیے تقریباً آدھا سے پونا گھنٹہ درکار ہوتا تھا اور باقاعدہ جب چاٹی میں نہالے کو ڈالا جاتا اور اس کو دونوں ہاتھوں سے ہلایا جاتا اور خواتین اس کو بار بار مدھانی ہٹا کر دیکھتیں کہ مکھن تیار ہو گیا ہے کہ نہیں۔ جب مکھن تیار ہو جاتا تو ایک ہاتھ سے پیڑے بنا کر رکھ دیے جاتے۔ باریک ململ کے کپڑے سے بالائی کو الگ کیا جاتا پھر لسی کو چھان کر الگ کر کے رکھ دیا جاتا اور حسب ضرورت اسے استعمال کیا جاتا۔ پرانے وقتوں میں بہت سی بیماریوں کے علاج کے لیے مکھن استعمال کیا جاتا تھا۔ تب بڑی بوڑھیاں مکھن بھی ضرورت کے تحت دے دیتی تھی کیونکہ مکھن علاج کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ ڈالڈا گھی کا تصور تو اس کے بعد کا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام نے تمام روایات کو ختم کر کے رکھ دیا ہے۔ اب لوگ دودھ کو بیچتے اور سماجی خدمت کا جذبہ کم ہو گیا ہے بلکہ کمرشل طریقے سے اب دودھ بیچ کر پیسے جمع کیے جاتے ہیں۔ لسی کے ذکر سے پہلے میں مدھانی اور چاٹی کے بارے میں بتانا چاہوں گی مدھانی لکڑی سے بنائی جاتی ہے اور لکڑی کو گولائی میں کاٹ کر اس کو باقاعدہ طور پر چاٹی کے منہ جتنا چوڑا رکھا جاتا ہے اور اس کے سرے اس طرح بنائے جاتے ہیں کہ وہ پانی میں یا لسی میں گھوم سکے۔ یہ رنگین قسم کا کام باقاعدہ طور پر آج بھی دیہاتوں میں کاریگر کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ جو باقاعدہ طور پر لسی بنانے کے لیے چاٹی استعمال کی جاتی ہے ،اس چاٹی کو بنانے کے لیے کمہار چکنی مٹی کو گوندھتے ہیں اور پھر اس کو چاٹی کی شکل دیتے ہیں اور اس میں خاص طور پر خیال رکھا جاتا ہے کہ منہ اس قدر کھلا ہو کہ اس میں مدھانی آسانی سے جا سکے۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ کمہار اور بڑھئی مل جل کر یہ کاروبار چلاتے تھے۔ ماضی میں جب بھی چاٹی کو گھر لایا جاتا ہے تو اس میں پانی ڈال کر رکھا جاتا ہے اور پانی ڈالنے کے بعد اس کو صبح استعمال کے قابل سمجھا جاتا یعنی ایسا کرنے سے چاٹی تڑ یکتی نہیں ہے یعنی آسانی سے ٹوٹ نہیں سکتی۔ عام طور پر چاٹی کو رکھنے کے لیے لکڑی کی گھڑونجی بنائی جاتی تھی۔ گھڑونجی پر چاٹی کو رکھنے سے آسانی سے برتن میں لسی کو ڈالا جا سکتا ہے۔ اگر گھرونجی دستیاب نہ ہو تو پرانے ٹائر کو بھی اس مقصد کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ دہی سے لسی بنانا ایک روایتی پنجابی، عام طور پر دہی میں پانی ملا کر مدھانی سے جب بلوایا جاتا ہے تو پھر دہی تیار ہو جاتی ہے۔ اس میں حسب منشا نمک اور مزید پانی ملا دیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ اس میں چینی ملا کر بھی پسند کرتے ہیں۔ لاہور، گجرانوالہ، فیصل آباد اپنی لسی کی وجہ سے آج بھی مشہور ہیں۔ مکئی، مکھن کی روٹی، لسی، ساگ کے اچار اور چاٹی کی لسی کا اپنا ہی سواد ہے۔ مکئی کی تازہ روٹی مکھن اور شکر کا دیسی ناشتہ دیہاتوں میں آج بھی پسند کیا جاتا ہے۔ لسی بالخصوص پنجاب کے دہی علاقوں میں بے حد مقبول ہے۔ سخت گرمی میں یہ ٹھنڈک اور اطمینان بخش کا باعث بنتی ہے۔ دیہی علاقوں میں خاص طور پہ اس چیز کو بہتر سمجھا جاتا ہے کہ ناشتے کے ساتھ دودھ اور دہی ہو، کو یوں سمجھا جاتا ہے کہ اس گھر میں رزق کی فراوانی ہے۔ ساتھ لسی کے دودھ کا روایتی دہی سے مل کر عمل سے گزر کر بنایا گیا دیسی گھی بھی اپنی مثال آپ رکھتا ہے اور ذائقے میں منفرد ہوتا ہے۔ کولڈ ڈرنک جوس کا وہ مزہ یا فائدہ نہیں ہے جو گاؤں کی چاٹی کی لسی میں ہے۔ جیسے جیسے جدت آئی خواتین نے محنت کرنی کم کر دی اور اس کے بعد برقی مدنی کی ایجاد ہو گئی تو برقی مدھانی کے لیے بھی نہالہ اور چاٹی کی تو ضرورت لازمی پڑتی ہے لیکن مدھانی کی جگہ پر اس میں برقی مدھانی ڈال دی جاتی ہے جو سیکنڈوں میں لسی اور مکھن کو الگ کر دیتی ہے۔ بجلی کی مدھانی لائٹ چلی جانے پر کام نہیں آتی تو پھر دیسی مدھانی اور چاٹی کو تلاش کیا جاتا ہے یعنی مکھن نکالنے کی قدیم روایت اب دم توڑ چکی ہے اور اس کی جگہ اب برقی مدھانیوں نے لے لی ہے۔ آج بھی مدھانی دودھ یا دہی بلونے اور مکھن نکالنے کا واحد ذریعہ ہے اور آج بھی دیہات کے گھروں میں یہ مدھانی بڑی حفاظت کے ساتھ کیل پر لٹکا کر رکھی جاتی ہے کیونکہ یہ روزمرہ کی ضروریات میں سے ہے۔ دوسری طرف دیکھا جائے تو دیہاتوں سے شہروں میں منتقل ہونے والے لوگ چاٹی کی لسی اور مدھانی کے لئے اب ترستے ہیں لیکن اس تک رسائی کے لیے انہیں واپس گاؤں ہی جانا پڑتا ہے کیونکہ چاٹی کی لسی کو زیادہ دیر تک محفوظ رکھنے سے اس کا ذائقہ بدل جاتا ہے۔ لوگ اس کڑوی لسی کو جب وہ اس کا ذائقہ بدل جائے تو کڑی بنانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ دودھ، دہی اور لسی یہ سب چیزیں ہماری زندگی کا نہ صرف ماضی حصہ رہیں بلکہ اب بھی ہماری صحت کے لیے بے حد مفید ہیں اور ہر دور میں اہمیت کی حامل رہی ہیں۔



Show Biz
شوبز کارنر

آریان اپنے والد شاہ رخ خان کی طرح کام کے جنونی ہیں

آریان خان ویب شو اسٹارڈم کے ساتھ بطور ڈائریکٹر ڈیبیو کرنے کے لیے تیار ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ فلموں کے معروف اداکار نے کہا ہے کہ آریان اپنے والد شاہ رخ خان کی طرح کام کے جنونی ہیں اور وہ سب کا خیال بھی رکھتے ہیں۔ شاہ رخ خان کے بیٹے آریان خان ویب شو اسٹارڈم کے ساتھ بطور ڈائریکٹر ڈیبیو کرنے کے لیے تیار ہیں، اداکار منوج پاہوا جو اس کاسٹ کا حصہ ہیں انھوں نے بھارتی ذرائع ابلاغ کے ساتھ ایک انٹرویو میں شو کے سیٹ پر آریان کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے حوالے سے بات کی ہے۔ انٹرویو کے دوران منوج سے پوچھا گیا کہ آریان اپنے والد شاہ رخ کے ساتھ کوئی مشابہت رکھتے ہیں۔

بھارتی مرد بھوتوں سے زیادہ خطرناک ہیں، ٹوئنکل

خواتین کسی مرد کا سامنا کرنے کے بجائے بھوتوں کا سامنا کریں

ممبئی (این این آئی) ٹوئنکل کھنہ کا کہنا ہے کہ بھارتی خواتین کیلئے یہ زیادہ محفوظ ہے کہ وہ تاریک گلی میں کسی مرد کا سامنا کرنے کے بجائے بھوتوں کا سامنا کریں۔ اپنے سماجی تبدیلی کے حوالے سے پیغام میں بالی ووڈ اداکارہ سے مصنفہ بننے والی ٹوئنکل کھنہ عرف مسز فنی بونز نے بھارتی میڈیا میں شائع ہونے والے اپنے حالیہ کالم میں "بھارتی استریز (خواتین) بھوت سے کیوں نہیں ڈرتیں؟" کے موضوع پر اظہار خیال کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بچپن کے دنوں کی ایک غیر مصدقہ کہانی بھی سنائی جو کہ انکی ایک بڑی خالہ پر آسیب سے متعلق تھا۔

سگی اور سوتیلی والدہ کا آپس میں گہرا تعلق تھا، یشما گل

والد نے دو شادیاں کی تھیں لیکن ان کی پہلی بیوی کا انتقال 2 برس قبل ہو چکا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ یشما گل نے حالیہ انٹرویو کے دوران پہلی بار اپنے والد کی دو شادیوں اور اپنی دونوں والدہ کے ساتھ تعلقات کے بارے میں کھل کر بات کی۔ ال ہی میں اداکارہ نے نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی۔ جہاں انہوں نے اپنے کیریئر کے ساتھ ساتھ نجی زندگی کے بارے میں بھی کھل کر بات چیت کی۔ انہوں نے دوران انٹرویو ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انکشاف کیا کہ ان کے والد نے دو شادیاں کی تھیں۔

سوناکشی کے پرانے گھر کے فروخت کی اصل وجہ سامنے آگئی

سوناکشی نے ایک بڑا گھر اُس عمارت میں خریدا ہے جو انکے شوہر ظہیر اقبال تیار کر رہے ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ سوناکشی سنہا نے ممبئی میں واقع اپنے گھر کی فروخت کی اصل وجہ بتا دی۔ یاد رہے کہ اس سال جون میں سوناکشی سنہا کی ظہیر اقبال سے شادی بھی اسی گھر میں ہوئی تھی لیکن جب انہوں نے اس گھر کی فروخت کا فیصلہ کیا تو اس پر تبصرے شروع ہو گئے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ 37 سالہ سوناکشی نے ممبئی میں اپنے اس اولین گھر، جس کے ساتھ انکی جذباتی وابستگی بھی ہے، کو فروخت کرنے کا حال ہی میں فیصلہ کیا۔ اطلاعات ہیں کہ سوناکشی نے ایک بڑا گھر اُس عمارت میں

ملیالم اداکارہ مینو منیر کے چار مشہور اداکاروں پر جنسی ہراسانی کے الزامات

کیرالہ (این این آئی) ملیالم فلم انڈسٹری کی اداکارہ مینو منیر نے الزام عائد کیا ہے کہ انڈسٹری کے معروف اداکاروں ایم مکیش اور جے سوریا نے ان کے ساتھ جنسی ہراسانی کی ہے۔ یہ الزامات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب ڈائریکٹر رنجیت اور اداکار صدیق نے ایسوسی ایشن آف ملیالم مووی آرٹسٹس (AMMA) کے عہدوں سے استعفیٰ دے دیا تھا، ان پر بھی اسی نوعیت کے الزامات لگائے گئے تھے۔ اداکارہ مینو منیر نے فیس بک پوسٹ میں انکشاف کیا کہ 2013 کی ایک فلم کی شوٹنگ کے دوران چار اداکاروں مکیش، منیام پیلا راجو، ایڈویلا بابو، اور جے سوریا نے ان کے ساتھ جسمانی اور زبانی بدسلوکی کی۔

اجے دیوگن ہالی وڈ سیریز 'انڈیانا جونز' طرز کی ایڈونچر فلم بنائیں گے

'سن آف سردار 2' اور 'دے دے پیار دے 2' کی تکمیل کے بعد شروع کریں گے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار اجے دیوگن ایک نئی اور دلچسپ فلم میں کام کرنے جا رہے ہیں جو انڈیانا جونز کی طرز پر ایک ایڈونچر پر مبنی ہو گی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس فلم کی پروڈکشن لوو رنجن کریں گے اور جگان شکتی ہدایت کاری دیں گے۔ فلم میں اجے دیوگن ایک بہادر مہم جو کے کردار میں نظر آئیں گے جو بھارت کے قدیم جنگلات، اونچی پہاڑیوں اور چھپی ہوئی غاروں کی سیر کریں گے۔ میڈیا ذرائع کے مطابق فلم کا اسکرپٹ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے، فلم بڑے بجٹ کی ہوگی۔

اکشے کمار کی ایکشن فلم "اسکائی فورس" کی ریلیز ملتوی

فلم ممکنہ طور پر 26 جنوری 2025 کو 76 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر ریلیز کی جائے گی



ممبئی (این این آئی) اکشے کمار کی فلم 'اسکائی فورس' جو پہلے 2 اکتوبر 2024 کو ریلیز ہونے والی تھی، اب اسے جنوری 2025 تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم ممکنہ طور پر 26 جنوری 2025 کو 76 ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر ریلیز کی جائے گی۔ 'اسکائی فورس' ایک حب الوطنی پر مبنی ایریل ایکشن فلم ہے جس میں اکشے کمار کے ساتھ سارہ علی خان، نمرات کور اور نئے اداکار ویر پاہریا شامل ہیں۔ فلم کی ریلیز میں تاخیر کا سبب یہ ہے کہ اکشے کمار اپنی حالیہ فلموں اور ان کی کارکردگی کے بعد ایک وقفہ لینا چاہتے ہیں تاکہ 'اسکائی فورس' کی شوٹنگ میں پوری توانائی سے حصہ لے سکیں۔ یاد رہے کہ تاخیر کی وجہ سے اکتوبر 2024 کے پہلے ہفتے میں کوئی بالی وڈ ریلیز نہیں ہوگی۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

ٹیم مینجمنٹ کا فاسٹ بولرز کی گرتی پیس پر تشویش کا اظہار

لاہور (اے ایف پی) قومی ٹیم کی بنگلہ دیش کیخلاف پنڈی ٹیسٹ میں شکست پر اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ نجی ٹی وی چینل جیو نیوز کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ راولپنڈی ٹیسٹ میں بنگلہ دیش کے ہاتھوں 10 وکٹوں سے شکست کے بعد قومی ٹیم مینجمنٹ بولرز کی پرفارمنس سے ناخوش ہے اور فاسٹ بولرز کی گرتی پیس پر تشویش کا اظہار بھی کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ کے بعد کپتان، سینئر کھلاڑیوں اور کوچز کے درمیان فاسٹ بولرز کی پرفارمنس پر بات چیت ہوئی۔ اس دوران کہا گیا کہ بیٹرز نے پہلی اننگز میں میچ سیٹ کردیا تھا، ڈیکلریشن کے بعد پچ پر فاسٹ بولرز کی مدد کیلئے گھاس موجود تھی، فاسٹ بولرز پچ پر گھاس کا فائدہ نہیں اٹھا سکے، ہمارے فاسٹ بولرز کی پیس بھی کم تھی۔ ٹیم مینجمنٹ اور سینئر کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ ہمارے فاسٹ بولرز کی گیند وکٹ کیپر تک نہیں پہنچ رہی تھی، ہمارے فاسٹ بولرز دوسری نئی گیند کا بھی فائدہ نہ اٹھا سکے جب کہ بنگلہ دیش کے فاسٹ بولرز کی ہمارے فاسٹ بولرز سے زیادہ پیس تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سپنر ابرار احمد اور فاسٹ بولر میر حمزہ کے دوسرا ٹیسٹ کھیلنے کے قوی امکانات ہیں۔

پاکستان کرکٹ اسوقت واقعی بڑی مشکل میں ہے، تاریخی شکست پر مائیکل وان بھی بول اٹھے

لاہور (اے ایف پی) سابق انگلش کمنٹیٹر و کپتان مائیکل وان نے بھی پاکستان کے بنگلادیش کیخلاف تاریخی شکست پر بڑا بیان دیدیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر بنگلادیش کو پاکستان کیخلاف تاریخی فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے کہا کہ "پاکستان کرکٹ اس وقت واقعی بڑی مشکل میں ہے۔ انہوں نے لکھا کہ بنگلادیش کیلئے بہت شاندار جیت۔۔!! اعلیٰ معیار کی کارکردگی۔۔ پاکستان واقعی ایک بڑی مشکل میں ہے"۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش کیخلاف راولپنڈی ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں 6-448 کے باوجود پاکستانی بالنگ نے 565 رنز بنوا دیئے جس سے میچ ڈرا لگ رہا تھا لیکن ڈرامائی انداز میں پاکستانی ٹیم دوسری اننگز میں محض 146 رنز بنا کر ڈھیر ہوگئی اور بنگلا دیش نے 10 وکٹوں سے تاریخی فتح سمیٹ کر شائقین کے

پاکستان اور بنگلا دیش کا ٹریننگ سیشن بارش کے باعث منسوخ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کرکٹ ٹیموں کا اسلام آباد کلب میں ٹریننگ سیشن بارش کے باعث منسوخ ہو گیا۔ دونوں ٹیمیں (آج) بدھ کی صبح راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیں گی۔ واضح رہے کہ دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بنگلا دیش نے پاکستان کو 10 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ 30 اگست سے شروع ہوگا۔

رضوان پر بال پھینکنے پر شکیب پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد

شکیب الحسن نے اپنا جرم اور سزا کو قبول کرلیا، معاملے پر باقاعدہ سماعت کی ضرورت نہیں، میچ ریفری

راولپنڈی (اے ایف پی) راولپنڈی ٹیسٹ میں محمد رضوان پر بال پھینکنے پر بنگلا دیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کردیا گیا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان پہلے ٹیسٹ میں کھیل کے 4 دنوں کے دوران مثبت انرجی دکھائی دی لیکن آخری دن ایک ناخوشگوار لمحہ دیکھنے میں آیا۔ پانچویں دن پاکستان کی اننگز کے دوران بنگلا دیشی آل راونڈر گیند کرانے کے لیے آئے لیکن رضوان کھیلنے کے لیے تیار نہ تھے تو شکیب الحسن نے غصے میں گیند رضوان کی جانب پھینک دی۔ محمد رضوان سیٹ ہو ہی رہے تھے کہ وہ بنگلا دیش کے وکٹ کیپر لٹن داس سے گفتگو میں مصروف ہو گئے اور پھر جیسے ہی تیار ہونے لگے شکیب نے رضوان کی جانب گیند پھینک دی۔ یہ دیکھتے ہی کمنٹیٹرز نے بھی ایک دوسرے سے سوال کیا کہ یہ کیا تھا؟ ساتھ ہی امپائر بھی شکیب سے کچھ کہتے دکھائی دیئے، بظاہر ایسا لگ رہا تھا کہ شکیب امپائر سے اپنے کیے کی معذرت کر رہے ہیں۔ اب میچ ریفری کی جانب سے بنگلا دیشی آل راونڈر شکیب الحسن پر آئی سی سی ضابطہ کی خلاف ورزی پر میچ فیس کا 10 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

مرتے دم تک سرجری! حفیظ کا چیئرمین پی سی بی پر

بنگلادیش کے ہاتھوں تاریخی ہزیمت پر سابق کرکٹرز ناراض

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان و ٹیم ڈائریکٹر محمد حفیظ نے بھی بنگلا دیش کیخلاف بدترین شکست چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ پاکستان کے سابق آل راؤنڈر محمد حفیظ نے راولپنڈی میں جاری ٹیسٹ سیریز کے پہلے میچ میں بنگلہ دیش کے ہاتھوں پاکستان کی غیر متوقع شکست کے بعد پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر بنگلا دیش کو پاکستان کیخلاف تاریخی فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے ٹی 20 ورلڈکپ 2024 کے بعد دیے گئے سرجری کے بیان پر بھی طنز کے نشتر چلائے۔ حفیظ نے لکھا کہ مرتے دم تک سرجری جاری ہے۔ بنگلا دیش نے 12 ٹیسٹ میچز میں مسلسل شکستوں کے بعد 13 ویں میچ میں فتح کا مزہ چکھا جبکہ ہوم گراؤنڈ پر پاکستان کو 10 وکٹوں کی کراکری ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بنگلا دیش کو تاریخی جیت پر مبارکباد پیش کی جبکہ پاکستان ٹیم کے حوالے سے لکھا کہ بدقسمتی سے، پاکستان کرکٹ ٹیم اچھی کارکردگی نہ دکھا سکی۔

اسلام آباد: پاکستان شاہینز کا کھلاڑی بنگلادیش اے کیخلاف ون ڈے سیریز سے قبل اسلام کلب میں فیلڈنگ سیشنز میں حصہ لے رہا ہے (فوٹو این این آئی)

آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے شیڈول کا

روایتی حریف پاکستان اور بھارت 6 اکتوبر کو مدمقابل آئیں گے

دبئی (اے ایف پی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے 3 سے 20 اکتوبر تک دبئی اور شارجہ میں ہونے والے ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے شیڈول کا اعلان کردیا، روایتی حریف پاکستان اور بھارت 6 اکتوبر کو مدمقابل آئیں گے۔ ایونٹ میں 10 ٹیموں کو 2 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گروپ اے میں پاکستان، بھارت، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور سری لنکا جبکہ گروپ بی میں جنوبی افریقا، انگلینڈ، ویسٹ انڈیز، بنگلادیش اور اسکاٹ لینڈ شامل ہیں۔ ایونٹ کا افتتاحی میچ میزبان بنگلادیش اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ پاکستان ویمنز ٹیم اپنی مہم کا آغاز 3 اکتوبر کو سری لنکا کے خلاف شارجہ میں میچ سے کرے گی جبکہ قومی ٹیم دوسرا میچ روایتی حریف بھارت کے خلاف 6 اکتوبر کو دبئی میں کھیلے گی۔

اولمپین ارشد ندیم کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اسٹیج ڈرامہ پیش

لاہور (اے ایف پی) اسٹیج ڈرامہ ڈائریکٹر ڈاکٹر اجمل ملک نے اولمپین ارشد ندیم کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے اسٹیج ڈرامہ پیش کر دیا۔ ڈاکٹر اجمل ملک نے بتایا کہ میں ارشد ندیم کی اس کامیابی پر انہیں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا تھا، اس لئے بڑی سوچ بچار پیدا کی کہ ڈرامے میں اولمپین کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ دلچسپی بھی پیدا کی جائے۔ سب کو معلوم ہے کہ ارشد ندیم کو بچپن میں "اچھو" کہتے تھے اس لئے ڈرامے کا نام "اچھو نیزے باز" رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے کھلاڑی یا شخصیات جو پاکستان کے لئے فخر کا باعث بنتے ہیں ان کی صلاحیتوں کا اعتراف کرنا چاہیے۔ جس طرح عوام نے ارشد ندیم سے محبت کا اظہار کیا ہے میرے ڈرامے کو بھی اسی طرح رسپانس مل رہا ہے۔ ڈرامے میں اولمپین ارشد ندیم کا کردار اداکار ساقی خان نے بڑی خوبصورتی سے نبھایا

پی سی بی نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں طلبا کے لیے مفت داخلے کا اعلان کردیا

راولپنڈی (این این آئی) پی سی بی نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں طلبا کے لیے مفت داخلے کا اعلان کر دیا، راولپنڈی میں دوسرا ٹیسٹ 30 اگست سے 3 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔ اسٹیڈیم میں داخلے کے لیے طلبہ کو یونیفارم میں ہونا چاہیے اور اپنے تعلیمی اداروں کے کارڈز ساتھ لانا ہوگا۔ طلبہ کسی بھی وی آئی پی انکلوژرز (عمران خان اور جاوید میانداد) سیٹ کی دستیابی سے مشروط اور پریمیم انکلوژرز میراں بخش، شعیب اختر، سہیل تنویر اور یاسر عرفات سے میچ دیکھ سکیں گے۔ پہلے ٹیسٹ کی طرح دوسرے ٹیسٹ میں بھی شائقین کے لیے مفت شٹل بس سروس کی سہولت رہے گی۔ طلبا کے لیے مفت داخلے کی پالیسی کا اطلاق پی سی بی گیلری یا پلاٹینم باکس میں نہیں ہوگا۔ اس سے قبل پی سی بی نے راولپنڈی کے پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے اور پانچویں دن شائقین کے لیے مفت انٹری کا اعلان کیا تھا۔

شاہد خان آفریدی نے نواسے کے ہمراہ ویڈیو شیئر کردی، نواسے کیلئے دعا بھی کی

کراچی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان اور اسٹار آل راؤنڈر شاہد خان آفریدی نے نواسے کے ہمراہ ویڈیو شیئر کردی، ویڈیو میں شاہد آفریدی نواسے کیلئے دعا بھی کی۔ شاہد خان آفریدی نے نواسے کی ویڈیو اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ فیس بک پر شیئر کی، جس میں وہ اسے گود میں اٹھائے پیار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ ویڈیو میں شاہد خان آفریدی سیاہ پینٹ اور ٹی شرٹ پہنے ہوئے ہیں، جبکہ وہ نواسے کو گود میں لیے ہوئے ہیں ان کی بیٹیاں بھی ان کے ساتھ ہیں۔ شاہد خان آفریدی نے اپنی بیٹیوں سے نواسے کو پیار کرنے کا کہا تو اس دوران ان کی بیٹیاں اپنے بھانجے یعنی شاہین شاہ آفریدی کے بیٹے کو بے اختیار پیار کرنے لگتی ہیں۔ سابق کپتان اس دوران اپنی بیٹیوں سے کہتے ہیں کہ ان کیلئے دعا کرنی ہے۔

بقیہ 1

جنہیں ہیومن انٹیلی جینس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ٹریس کرکے گرفتار کیا، اشتہاری مجرمان کے 04 ساتھی قدیر، شبیر، زمان اور تنویر کو قبل ازیں گرفتار کیا جا چکا ہے، اشتہاری مجرمان کی گرفتاری پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے جاتلی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 2

ہے جب کہ محکمہ موسمیات نے آئندہ 4 روز کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی ہے۔شدید بارش کے باعث واسا راولپنڈی نے ہائی الرٹ جاری کرتے ہوئے رین ایمرجنسی نافذ کردی ہے، واسا کے مطابق نالہ لئی میں کٹاریاں کے مقام پر پانی کی سطح 5 فٹ جب کہ گوالمنڈی پل پر 4 فٹ رہا۔چکوال اور گردونواح میں موسلادھار بارش سے نالہ چھپر میں طغیانی آ گئی اور بارش کا پانی گھروں اوردکانوں میں داخل ہوگیا، مقامی انتظامیہ کی طرف سے الرٹ جاری کردیا گیا۔سیالکوٹ اور گردو نواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ وقفے وقفے سے تیز بارش کے باعث بجلی کے فیڈرز ٹرپ کر گئے۔جہلم اور گردونواح میں بھی بارش کا سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہا، بارش کے باعث گلیوں اورشاہراوں پر پانی کھڑا ہوگیا اور بجلی کے متعدد فیڈرز ٹرپ ہوجانے سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔بارش کے دوران مختلف حادثات پیش آنے کی اطلاعات بھی سامنے آ رہی ہیں، اسلام آباد کے تھانہ ہمک کے علاقے میں بارش کے باعث گودام کی چھت گرنے سے 8 مزدور نیچے دب گئے، 5 مزدوروں کوفوری طور پر ملبے کے نیچے سے نکال لیا گیا۔ریسکو حکام کے مطابق 5 میں سے 2 مزدور جاں بحق ہوگئے جبکہ دیگرکوزخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا۔حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والے شہریوں کی شناکت لکی، سجاد، کبیر اور اعجاز کے ناموں سے ہوئی۔بعد ازاں حکام نے بتایا کہ حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 4 ہوگئی۔آخری اطلاعات تک ملبے تلے دبنے والے 3افراد کی تلاش جاری تھی، انہیں سراغ رساں کتوں سے ڈھونڈنے کی کوشش جاری ہے

بقیہ 3

کرلیا ہے۔آزاد پتن روڈ پر راولپنڈی سے پلندری آزاد کشمیر جانے والی مسافر کوسٹر آزاد کشمیر باونڈری سے سات کلومیٹر کے فاصلے پر کہوٹہ کے علاقے میں گراری پل کے قریب گہری کھائی میں جا گری تھی جس میں بچوں اور خواتین سمیت 26 مسافر سوار تھے۔تھانہ کہوٹہ میں اے ایس آئی شکیل لال کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا جس میں تیز رفتاری و غفلت سے ڈرائیونگ کرنے سمیت اعانت جرم اور جان و مال کو نقصان کی دفعات 427، 109، 279 اور 332 ت پ شامل کی گئی ہیں۔مقدمے میں کوسٹر کے مالک، اڈہ منیجر و دیگر کو بھی 109 کے تحت نامزد کیا گیا ہے۔مقدمے میں اے ایس آئی شکیل لال کی جانب سے تحریر کیا گیا ہے پکٹ ڈیوٹی کے لیے جا رہا تھا کہ مسافر کوسٹر کو دیکھا جو آزاد پتن روڈ پر گراری پل کے قریب پہنچی تو تیز رفتاری سے موڑ کاٹتے ہوئے پل سے نیچے گہرائی میں جا گری۔حادثے میں ڈرائیور ارفاق احمد سمیت 23 مسافر موقع پر اور تین اسپتال منتقل کرنے یا اسپتال پہنچ کر دم توڑ گئے جن میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔جانچ پڑتال کی گئی تو پتہ چلا کہ مسافر کوسٹر نیو سپر کمشیر اڈہ بالمقابل عادل ہوٹل پیر ودھائی راولپنڈی سے پلندری تتری نوٹ آزاد کشمیر کے روٹ پر چلتی ہے۔محمد سفیر احمد نامی شخص کوسٹر کا مالک ہے جو تتری نوٹ آزاد کشمیر کا رہائشی ہے۔اتوار کی صبح کوسٹر کو نیو سپر کشمیر اڈے کے مینیجر عبدالقدوس نے واچر جاری کرکے اڈے سے روانہ کیا، نیو سپر کمشن ر اڈے کے مینیجر نے مسافر کوسٹر کو بغیر متعلقہ روٹ اور تصدیق کے روانہ کیا۔مزید جانچ پڑتال کرنے پر معلوم ہوا کہ کوسٹر کے مالک کے پاس نہ تو کوسٹر کا روٹ پرمٹ تھا اور نہ ہی فٹنس سٹرفکیٹ بلکہ کوسٹر کا فٹنس ٹیسٹ کلیئر ہی نہیں تھا۔کوسٹر مالک محمد سفیر اور اڈہ مینیجر عبدالقدوس نے کوسٹر بغیر روٹ پرمٹ، بغیر فٹنس سٹرفکیٹ لانگ روٹ پر ڈرائیور کے حوالے کی اور کوسٹر مالک، اڈہ مینیجر اور ڈرائیور کی مبینہ غفلت و لاپرواہی کے باعث 26 قیمتی جانوں کا جانی و مالی نقصان ہوا۔ادھر اس حوالے سے رابطہ کرنے پر ڈی ایس پی کہوٹہ طاہر سکندر کا کہنا تھا کہ مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، تفتیش میں تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا جائے گا۔

بقیہ 4

پوائنٹس کا اضافہ ہوا جس سے انڈیکس 78 ہزار 777 کی سطح پر آ گیا۔واضح رہے گزشتہ روز کاروباری دن کا اختتام منفی زون میں ہوا جس کے بعد 100 انڈیکس 230 پوائنٹس کی کمی کیساتھ 78 ہزار 571 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ 5

کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان پوری قوت کے ساتھ دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کررہے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی پاک فوج کے بہادر جوان پوری قوم کے تعاون سے دہشتگردی پر قابو پانے میں جلد کامیاب ہونگے، سردار ایاز صادق دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں اور یہ پاکستان کے ترقی اور خوشحالی سے خائف ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی دہشتگرد اور ان کے سہولت کار بہت جلد اپنے انجام کو پہنچیں گے، اسپیکر قومی اسمبلی دہشتگردی کی خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، سردار ایاز صادق پاکستان کے دشمن اپنی مذموم مقاصد میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے ، اسپیکر قومی اسمبلیشہداء کی قربانیوں اور ان کے اہلخانہ کے صبر اور حوصلے کو تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا، اسپیکر قومی اسمبلی اسپیکر کی اللہ تعالی سے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا۔

بقیہ 6

کابینہ کو منظوری کیلئے بھیجے گی۔سعودی عرب کے پبلک انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) نے منارہ منرلز کے ذریعے سے 15 فیصد حصص خریدنے کی پیشکش کی ہے۔ اس وقت وفاقی حکومت کے پاس ریکوڈیک مائننگ پروجیکٹ کے 25 فیصد حصص ہیں۔حکومت اپنے انہی حصص میں سے 15 فیصد سعودی عرب کوفروخت کردے گی۔ پٹرولیم ڈویژن کے ایک عہدیدار نے کہا کہ معاہدہ طے پا گیا تو یہ پاکستان سعودی عرب کے معاشی تعلقات کو مضبوط کردے گا اور علاقے میں لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔

بقیہ 7

کیا پراسس ہے؟ کیا کرتے ہیں وہ؟ اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ جے آئی ٹی کی سپریم کورٹ میں رپورٹ چیمبر میں جمع کروائی جاتی ہے، سپریم کورٹ اس معاملے کو دیکھ رہی ہے، سپریم کورٹ کا 5 رکنی بینچ تشکیل دیا جا چکا ہے، گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد سنا جائے گا، اگر پاکستان میں جوڈیشل کمیشن بنتا ہے تو کیا کینیا میں انوسٹیگیشن کر سکتے ہیں؟ کینیا کی اتھارٹی تو کمیشن کے سامنے پیش ہونے کے پابند نہیں ہیں، اٹارنی جنرل کا کہنا تھا کہ ایسا نہیں ہوگا، کینیا کے ساتھ معاہدے کے بعد بھی مشکلات ہوں گی۔بعد ازاں وکیل شعیب رزاق نے کہا کہ ہماری درخواست ہے ارشد شریف کے ساتھ ساتھ دیگر صحافیوں کے قتل سے متعلق بھی جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، اس پر درخواستگزار حامد میر نے کہا کہ پاکستان میں دیگر 14 صحافیوں کی ٹارگٹ کلنگ کی گئی، کوئی صحافی کسی ایکسیڈنٹ میں نہیں مارا گیا، بم دھماکا یا گولی سے مارا گیا ہے، وکیل نے بتایا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے بنائی گئی جے آئی ٹی میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، ارشد شریف کے پاس کسی ملک کا ویزہ نہیں تھا۔اس پر چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ جو کچھ کل ہوا پاکستان اس وقت حالت جنگ میں ہے، ابھی بھی نوجوان ملک سے باہر جا رہے ہیں، ارشد شریف بھی پاکستان کے شہری تھے۔بعد ازاں وکیل درخواستگزار اظہر صدیق کا کہنا تھا کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کمیشن بنایا جائے جو بتائے ارشد شریف ملک سے باہر کیوں گیا؟ میں یہ پچھلے 2 سال سے سن رہا ہوں کہ کینیا حکومت کے ساتھ کوئی معاہدہ ہو رہا ہے۔اس پر عدالت نے اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ یہ جو معاہدے کی بات کر رہے ہیں یہ کب تک ہو جائے گا؟ اٹارنی جنرل نے جواب دیا کہ میوچل لیگل اسسٹنس سے متعلق ہم دفتر خارجہ کو کہہ سکتے ہیں، وہ کینیا کے سفیر سے درخواست کر سکتے ہیں، اگر جوڈیشل کمیشن بن بھی جاتا ہے تو کینیا جا کر تحقیقات نہیں کر پائے گا۔چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ نے دریافت کیا کہ میوچل لیگل ایگریمنٹ کے بعد کیا پیشرفت ہو سکے گی؟ اٹارنی جنرل منصور اعوان نے جواب دیا کہ ارشد شریف قتل سے متعلقہ لوگ کینیا میں موجود ہیں، جس شخص نے انہیں ایئرپورٹ سے لیا اور واقعے کے وقت موجود شخص بھی کینیا میں ہے، جوڈیشل کمیشن بنتا بھی ہے تو اسے کینیا میں رسائی نہیں دی جائے گی، کینیا کی اتھارٹیز کمیشن کے سامنے پیش ہونے کی پابند نہیں ہوں گی۔اس پر عدالت نے دریافت کیا کہ کینیا سے معاہدہ ہو جاتا ہے تو وہ شواہد فراہمی کے لیے ہو گا؟ وکیل شعیب رزاق نے بتایا کہ اس ہائی کورٹ نے گزشتہ روز ارشد شریف کے خلاف ملک بھر میں درج مقدمات سے متعلق فیصلہ دیا، عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ ارشد شریف کو پبلک اتھارٹیز اور ایجنسیوں کی طرف سے ہراساں کیا گیا، ایک صحافی مارا گیا اور ہر ایک کو معلوم ہے کہ کیا حالات تھے کہ ارشد شریف کو ملک چھوڑنا پڑا، مجھے میسج آتا تھا کہ ایک اور ایف آئی آر ہو گئی ہے، کرلو جو کرنا ہے، ارشد شریف پختہ یقین رکھتا تھا کہ اس نے ملک چھوڑ کر نہیں جانا، اس کے پاس ویزہ بھی نہیں تھا۔اس پر عدالت نے کہا کہ ہم آپ کے جذبات کو سمجھتے ہیں لیکن اس عدالت نے جذبات سے نہیں بلکہ قانون کے مطابق فیصلہ کرنا ہے، اس پر وکیل نے بتایا کہ ہمارا کیس یہ ہے کہ پاکستان میں ارشد شریف کے خلاف اتنے مقدمات کیسے درج ہوئے؟ ہمارا مقدمہ یہ ہے کہ ارشد شریف کو کیسے ہراساں کیا اور ملک چھوڑنے پر مجبور کیا گیا؟ اس پر اٹارنی جنرل نے کہا کہ رٹ منظور کر بھی لی جائے تو بھی واضح نہیں ہو گا کہ پاکستان اور کینیا کے معاملے کا کنکشن ہے۔اسی کے ساتھ عدالت نے ارشد شریف کے قتل کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن کے قیام کی حامد میر کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 8

دیا تھا۔غیر حاضر اساتذہ اور ملازمین کئی سالوں سے گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے تھے، محکمہ ؟ تعلیم کے مانیٹرنگ سیل اور ایف آئی اے کی مدد سے غیر حاضر ملازمین کا پتہ لگایا گیا۔

بقیہ 9

کلامی ہوئی۔پولیس کے مطابق جس کا بدلہ لینے کے لیے میثم شاہ اپنے گھر سے پسٹل اٹھا کر ساجد علی کے گھر پہنچ گیا اور فائرنگ کرکے اس کے بیٹے حسنین علی کو قتل کر دیا اور وقوعہ سے فرار ہوگیا۔پولیس تھانہ اربن ایریا پولیس نے ملزم میثم شاہ اور اس کے والد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 10

جگہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسی کارروائیاں جمہوریت کی بنیادوں کیلئے خطرہ ہے، ہماری ہمدردی دہشت گرد حملے میں متاثر ہونے والوں کے ساتھ ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ روز بلوچستان میں عسکریت پسند گروپ بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) نے ایک ہی دن میں موسیٰ خیل، مستونگ، بولان اور قلات میں مختلف واقعات میں 40 افراد کو قتل کر دیا تھا جب کہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں 21 دہشت گرد ہلاک ہوگئے تھے۔

بقیہ 11

بلوچستان واقعے کے شہداء کے لیے فی خاندان 10 لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں استحکام اور ریاست کے بچاؤ کے لیے جعلی مینڈیٹ کا خاتمہ ضروری ہے، امن و امان سیاسی استحکام سے مشروط ہے۔مشیر اطلاعات کے پی بیرسٹر سیف نے یہ بھی کہا ہے کہ سیاسی استحکام بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے بغیر ناممکن ہے، نااہل حکومت عوام کے جان و مال کی حفاظت میں مکمل ناکام ہے۔

بقیہ 12

تاجر برادری اور دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ سیمینار میں ڈی جی وفاقی محتسب نے شرکا کو وفاقی محتسب کے ادارے کا مقصد اور کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا۔سیمینار کے شرکا نے وفاقی محتسب کی کارکردگی اور اقدامات کو سراہا۔صدر لاہور چیمبر آف کامرس کاشف انور نے وفاقی محتسب کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور خواہش ظاہر کی کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں وفاقی محتسب کا فرنٹ ڈیسک قائم کیا جائے تا کہ تاجر برادری اس سے استفادہ حاصل کر سکے۔بعد ازاں ڈی جی وفاقی محتسب نے سیمینار کے شرکا اور تاجر برادری کے سوالات کے جواب دیئے اوران کو یقین دہانی کرائی کہ وفاقی محتسب کے دروازے تاجر برادری کے لئے ہر وقت کھلے ہیں۔سیمینار کے اختتام پر وفاقی محتسب کی ٹیم اور صدر لاہور چیمبر آف کامرس کے مابین شیلڈز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ 13

ٹی آئی سے فون پر بات کرنے سے بھی انکار کر دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ میں نے کہا تھا بانی پی ٹی آئی کو میرے پاس لے کر آئیں یا میری ان سے ویڈیو کال پر بات کروائیں۔

بقیہ 14

ہدایت دیں کہ حکومت پنجاب کی جانب سے گھریلو صارفین کو 14 روپے فی یونٹ فراہم کردہ ریلیف فوری طور پر صارفین تک پہنچائیں اور اس سلسلے میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گے اور شفافیت یقینی بنانے کیلئے ریلیف کے اس عمل کی مکمل مانیٹرنگ کی جائے گی۔سردار اویس احمد خان لغاری کا مزید کہنا تھا کے صارفین کسی بھی ادارے کا بیش قیمت سرمایہ ہوتے ہیں اور ہم نے صارفین کو معیاری اور بروقت سروسز کی فراہمی، بروقت اور درست میٹر ریڈنگ، بلوں کی بروقت ترسیل ہر صورت یقینی بنانی ہے۔انہوں نے کہا کے پاور سیکٹر میں جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے بجلی چوری کے مکمل خاتمے کو ممکن بنایا جا سکتا ہے۔مہنگی بجلی کے حوالے سے اپنے بیان میں ان کا مزید کہنا تھا کہ معزز صارفین کو سستی بجلی کی فراہمی کے حوالے سے تمام تر اقدامات کر رہے ہیں اور جلد صارفین کو مزید اچھی خبر دیں گے۔ چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو ڈاکٹر طاہر مسعود نے وفاقی وزیر کو یقین دہانی کروائی کہ آئیسکو دیے گئے ٹارگٹ کے حصول کو ہر صورت ممکن بنائے گی۔ میٹنگ میں دیگر آئیسکو بورڈ ممبران اور آئیسکو کی سینئر مینجمنٹ نے شرکت کی۔

بقیہ 15

مطابق انٹیلیجنس بنیاد پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک نجی اسٹوڈنٹ ہاسٹل کے قریب چھاپہ مار اور چاغی سے تعلق رکھنے والے اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان 'جو خود بھی سی ایس ایس کے امتحان کی تیاری میں مصروف تھا' کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے انتہائی خطرناک اور مہنگی 120 گرام ''ویڈ'' نامی منشیات برآمد کرلی۔حکام کا کہنا تھا کہ ملزم اسلام آباد کے ایک بڑے تعلیمی ادارے اور ہاسٹل میں منشیات سپلائی کر رہا تھا۔ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار ملزم نا صرف اعلیٰ تعلیم یافتہ ہے بلکہ سی ایس ایس امتحان کی تیاری بھی کر رہا تھا، ملزم نے یونیورسٹی و ہاسٹل کے طلباء کو منشیات فروخت کرنے کا انکشاف بھی کیا۔طالب علم کو گرفتار کرکے انسدادِ منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 16

کہ عوام بھی کسی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے حکام سے تعاون کریں۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ نکاسی آب کے لیے ٹاؤنز کو ضروری مشینری دی گئی ہے، کے ایم سی اور واٹر بورڈ کینکاسی آب کے سسٹم کو بہتر کیا گیا ہے۔سینئر وزیر کا کہنا تھا کہ بلدیاتی اداروں اور تمام متعلقہ انتظامیہ کو بندوبست کی ہدایات دی گئی ہیں، مزید کہا کہ تعلیمی ادارے کھلے یا بندر کھنے سے متعلق غور کیا جارہا ہے۔

بقیہ 17

اکاٹ چکا ہے، متعدد عدالتی فیصلوں میں سزائے موت کو عمر قید میں بدلا گیا۔فیصلے کی کاپی سیکرٹری داخلہ، صوبائی چیف سیکرٹریز سمیت تمام سرکاری لا افسران کو ارسال کرنے بھی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 18

تا کہ انکی اچھے طریقے سے آبیاری ہو سکے۔

بقیہ 20

نوش کیا۔آئی ایس پی آر نے بتایا کہ آپریشن میں خوارج کا سربراہ ابوذر عرف صدام بھی مارا گیا۔

بقیہ 21

دبانے اور ڈرانے کی کوشش کی جس میں انہیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، اس وقت ملک بھر کے تاجر متحد ہیں 28 اگست کو خیبر سے کراچی تک پورے ملک میں مکمل شٹر ڈاون ہوگا 28, اگست کو پاکستان کا ہر تاجر ہڑتال میں شامل ہوگا، یہ ہڑتال بجلی کے بلوں میں اضافے اور بے جا ٹیکسز کے خلاف ہے ، پاکستان کا تاجر بہت سی قربانیاں دے چکا، اب پاکستان کے اشرفیہ کو قربانی دینی ہو گی، اشرفیہ کی جائیداد فروخت کے کے پاکستان کا قرضہ ادا کرنا ہو گا، پاکستان کی عوام موت پر بھی ٹیکس دی رہی ہے ، پاکستان میں ٹیکس کا پیسہ حکمران اپنی عیاشیوں پر خرچ کر رہے ہیں، تاجر برادری سکیم کو پہلے بھی مسترد کر چکی ہے، پاکستان کا تاجر اب اپنی دوکان کا کرایہ دینے سے قاصر ہے، تاجر اپنے بچوں کی فیس نہیں دے سکتا، تاجر ماہانہ یا سہ ماہی ٹیکس ادا نہیں کرے گا، عوام حکومت سے تنگ آ چکی ہے، حکومت نے بجٹ میں اشیائے خورد و نوش پر بھی ٹیکسز لگا دیئے ہیں جو کہ تاجروں نے نہیں دینا بلکہ عوام نے دینا ہے پھر بھی مہنگائی کا ذمہ دار تاجروں کو قرار دیا جاتا ہے، اگر حکومت نے کل شام تک تاجر دوست سکیم کو واپس نہ لیا تو ہڑتال دھرنے میں بھی تبدیل ہو سکتی ہے، ٹیکسز میں اضافے کا اثر عام لوگوں پر پڑتا ہے، اگر تجارت کی صنعت مزید مشکلات کا شکار ہوئی تو ملک میں بدامنی میں اضافہ ہوگا، گذشتہ روز بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نہتے شہریوں کے ظالمانہ قتل عام کی شدید مذمت کرتے ہیں، ملک کے تاجر امن کی بحالی کیلئے ہڑتال کر رہے ہیں، یہ صرف تاجروں کی ہڑتال ہے کسی سیاسی جماعت کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے، جو سیاسی جماعتیں اس ہڑتال کی حمایت کر رہی ہیں انکا خیر مقدم کرتے ہیں، تاجر پاکستان کے عوام کی جنگ لڑ رہے ہیں، پاکستان میں طویل عرصے بعد ایسی ہڑتال ہوگی جس میں ملک بھر میں تمام کاروبار بند رہیں گے ، لالچ اور دھمکیاں پہلے ڈرا سکے نہ اب ڈرا سکیں گے ،انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ کل شام تک ظالمانہ ٹیکس اور تاجر دوست اسکیم اور بجلی کے بلوں میں اضافے کو واپس لے اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر سمیت تمام شعبوں میں لگائے جانیوالے بے جا اور ناجائز ٹیکسز پر نظر ثانی کی جائے مطالبات پورے نہ ہونے پر آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائیگا۔

بقیہ 22

اضافہ ہوا ہے، ڈیجیٹل پاکستان وزیراعظم شہباز شریف کا ویژن ہے، ملک میں ڈیجیٹلائزیشن کا عمل جاری ہے سوسائٹی، اکانومی اور گورننس کو ڈیجیٹلائز کر رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئی ٹی سی این ایشیا 2024 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل پاکستان کے سفر پر گامزن ہیں حکومت اصلاحات کے ایجنڈے پر کاربند ہے ملک کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور پاکستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایف بی آر میں ڈیجیٹلائزیشن کا عمل جاری ہے حکومت تمام شعبوں میں شفافیت کو یقینی بنا رہی ہے سرمایہ کاروں کو بہترین ماحول کی فراہمی کے لیے کام جاری ہے ۔وزیر مملکت شزہ فاطمہ نے کہا کہ سوسائٹی، اکانومی اور گورننس کو ڈیجیٹلائز کرنے کے ساتھ ساتھ بہتر کنکٹیویٹی کے لیے اقدامات جاری ہیں اگلے سال اپریل یا مئی میں فائیو جی اسپیکٹرم اپریشنل کردیں گے۔

بقیہ 23

تھی، ہمسائے کا ڈالا ہوا زہر نظر آرہا ہے۔سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کے دوران شیری رحمان نے کہا کہ دل جلتا ہے کہ پاکستان بار بار دہشت گردی کی لپیٹ میں آتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں جو کچھ ہوا، وہ دہشت گردی ہے، کہا جاتا تھا کہ یہ ہمارے بچے ہیں، کہا گیا کچھ اچھے اور کچھ برے دہشت گرد ہیں۔پی پی سینیٹر نے کہا کہ شناختی کارڈ دیکھ کر شہید کرنا بربریت ہے، یہ انسانی حقوق کا مسئلہ نہیں ہے۔ہم نے انسداد دہشت گردی کے کامیاب آپریشن کیے۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کو دہشت گردوں نے شہید کیا، پاکستان میں دہشت گردی کے نتیجے میں 80 ہزار شہادتیں ہوئیں۔شیری رحمان نے کہا کہ تب افغانستان سے بہت سارے گروپ نام بدل بدل کر آ رہے تھے، نیشنل ایکشن پلان بناتھا، بوسیدہ نیشنل ایکشن پلان کو واپس نکال لیں۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں محرومی تھی اس میں آپ کے ہمسائے نے جو زہر ڈالا وہ نظر آ رہا ہے۔

بقیہ 24

بھیک منگوانے والے مافیا چیف کو 3 سال قید اور 1لاکھ سے 3 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے، جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید 6 ماہ قید کی سزا ہوگی۔ ایک سے زائد لوگوں سے بھیک منگوانے والے کو 3 سے 5 سال قید اور 3 سے 5 لاکھ جرمانہ یا دونوں ہوں گے۔بچوں سے بھیک منگوانے والے مافیا چیف کو 5 سے 7 سال قید اور 5 لاکھ سے 7 لاکھ جرمانہ ہوگا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر مزید 1 سال قید کی سزا ہوگی۔کسی بچے یا بڑے کو جبری معذور کر کے بھیک منگوانے والے کو 7 سے 10 سال قید اور 10 لاکھ سے 20 لاکھ جرمانہ ہوگا، جرمانے کی عدم ادائیگی پر مافیا لیڈر کو مزید 2 سال قید کی سزا ہوگی۔ ایک بار سزا پانے والا شخص اگر جرم دہرائے گا تو آرڈیننس میں دی گئی سزا سے دوگنی سزا اور جرمانہ ہوگا۔ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ پیشہ ور بھکاریوں اور انکے مافیا چیفس کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے اقدامات ضروری ہیں، سزاؤں اور جرمانے میں کئی گنا اضافہ بھکاری مافیا کی حوصلہ شکنی کرے گا۔

بقیہ 25

جگہ جگہ منی پٹرول ایجنسیاں کھلی ہوئی ہیں جس سے کئی قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں۔

بقیہ 26

حیثیت کو چیک کیا تو راجباہ روڈ پر زم زم ایونیو، رائل ولاز (ایکسٹینشن) اور ماڈل سٹی ایگزیکٹو کو غیر منظور شدہ پایا جن کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے موقع پر موجود دفاتر کو سیل اور بعض تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر دیا تا کہ انہیں قانونی دائرے میں لایا جا سکے۔ ڈویلپرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کیلئے باقاعدہ منظوری حاصل کریں بصورت دیگر مزید خلاف ورزیوں پر قصور واروں کے خلاف فوجداری مقدمات بھی درج کرائے جاسکتے ہیں۔ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے عوام الناس کو مطلع کیا گیا ہے کہ وہ غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں سے ہوشیار رہیں اور پلاٹ خریدنے یا سرمایہ کاری کرنے سے قبل ہاؤسنگ سکیم کی قانونی حیثیت ضرور چیک کرلیں تا کہ بعد ازاں انہیں کسی قسم کی پریشانی یا مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 27

گنڈاپور کا کہنا تھا 22 اگست کو میں نے جلسہ ملتوی کرنے سے انکار کر دیا تھا اور میں نے بانی پی ٹی آئی سے فون پر بات کرنے سے بھی انکار کر دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ میں نے کہا تھا بانی پی ٹی آئی کو میرے پاس لے کر آئیں یا میری ان سے ویڈیو کال پر بات کروائیں۔

بقیہ 28

نیپرا 2021، 2022 اور 2023 کے دوران کیے گئے فیصلوں پر سماعت کرے گا۔اس کے علاوہ نیپرا 15 ماہانہ اور 5 سہ ماہی ایڈجسٹمنٹس کے فیصلوں پر ازسرنو سماعت کرے گا۔

بقیہ 29

موقع پر موجود اہل علاقہ سے بھی ملاقات کی اور بتایا کہ صاف ستھرا فیصل آباد کیلئے سرگرم اور موثر اقدامات جاری ہیں۔انہوں نے بتایا کہ شہر بھر سے کچرے کے ڈھیروں کا صفایا کرایا جا رہا ہے۔شہری بھی تعاون کریں اور کوڑا کھلے عام پھینکنے کی بجائے کوڑا دان میں ڈالیں یا ویسٹ ورکرز کے حوالے کریں۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ڈائیو روڈ پر کچرے کے ڈھیروں کے صفایا سے ماحول تروتازہ اور علاقہ مکین سکھ کا سانس لیں گے۔انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے لئے ڈبل شفٹ میں کام شروع ہے۔شہر کو زیرو ویسٹ کرنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔سی ای او ویسٹ منیجمنٹ کمپنی نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر شہر بھر سے کچرے کے ڈھیروں کے صفایا کے لئے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔

بقیہ 30

کہا کہ مسجد اقصیٰ میں یہودیوں کی عبادت گاہ بنانے کے بیان کی سخت مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسلامی تعاون تنظیم اور اقوام متحدہ کو فوری طور پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، یہودی وزیر کا بیان مشرقِ وسطیٰ اور عالمی امن سے کھیلنے کے مترادف ہے۔طاہر محمود اشرفی کا مزید کہنا ہے کہ مسجد اقصیٰ کی تاریخی، اسلامی اور قانونی حیثیت ہے، اس کو ختم کرنے کی کوئی بھی سازش دنیا کے امن کو تباہ کرنے کے مترادف ہو گی۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ عالمی برادری کو اسرائیلی وزیر کے اس بیان کو سنجیدگی سے لینا چاہیے، اسرائیل کی سفاکیت اور بربریت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ 31

عزم استحکام کی منظوری دی گئی تھی جس (بقیہ نمبر 1) پر اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا گیا تھا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز، بلوچستان میں دہشت گردی کے ایک سے زائد واقعات میں فوجی جوان اور شہریوں سمیت 50 کے قریب افراد شہید کر دیے گئے تھے۔موسیٰ خیل، قلات اور لسبیلہ کے اضلاع میں دہشت گردی میں کئی بے گناہ شہریوں نے شہادت پائی تھی۔سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری طور پر جواب دیتے ہوئے کلیئرنس آپریشنز میں 21 دہشت گردوں کو ہلاک کیا۔

بقیہ 32

تصدیق کی 16 اگست کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد سمز کی شناخت کی اور انہیں بلاک کردی گئی۔پی ٹی اے نے واضح کیا ہے کہ یہ سمز ملک بھر میں غلط یا جعلی شناختی دستاویزات پر جاری کی گئیں۔اپنی بلاک شدہ سمز کو بحال کرنے کے لیے، صارفین کو نادرا سے نئے شناختی کارڈ حاصل کرنے ہوں گے اور پھر اپنے موبائل آپریٹر یا فرنچائز پر جا کر سم کو بائیو میٹرک تصدیق کے ذریعے ان بلاک کرایا جائے گا۔پی ٹی اے نے یہ بھی انتباہ کیا ہے کہ 2017 سے پہلے ختم ہونے والے شناختی کارڈز کے خلاف جاری کردہ سمز ایک ہفتے کے اندر بلاک کر دی جائیں گی۔صارفین نادرا کے ذریعے اپنے شناختی کارڈ کی تجدید اور اپنی سموں کی تصدیق کروا کر اس سے بچ سکتے ہیں۔

بقیہ 33

واقعات اتوار اور پیر کی درمیانی شب رپورٹ ہوئے جن میں درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاعات ہیں۔مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات کی مذمت کرتے ہیں، شمالی وزیرستان میں بھی دہشت گردی کا واقعہ رونما ہو چکا، کے پی حکومت دونوں واقعات میں شہداء پیکج کا اعلان کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہداء کے لواحقین کو 10، 10 لاکھ روپے امداد دی جائے گی۔

بقیہ 34

جس میں سے 200 ایم ایم سی ایف ڈی گیس ویل ہیڈ پر کمپریسر ہی استعمال کرتے ہیں، 1400 سے ساڑھے 1450 گیس کھاد کارخانوں اور پاور سیکٹر کو دی جاتی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ باقی بچ جانے والی 1600 ایم ایم سی ایف ڈی گیس سوئی کمپنیوں کو دی جاتی ہے، ایک ہزار ایم ایم سی ایف ڈی ایل این جی ہم امپورٹ کرتے ہیں۔

بقیہ 35

وجود میں آنے والے محکمہ کے ماتحت سپیشل سیکرٹری، زرعی مارکیٹنگ ، ڈی جی پرائس کنٹرول ہوں ، نئے محکمہ میں کین کمشنر اور ڈائریکٹوریٹ خوراک بھی ماتحت ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ انڈسٹری، محکمہ خوراک اور محکمہ زراعت کے پرائس کنٹرول کی تمام سرگرمیاں نئے محکمے کے سپرد ہوں گی۔محکمہ آئی اینڈ سی نے محکمہ خوراک کو ختم کرنے اور نئے محکمہ کے قیام کے لئے تجاویز تیار کر لی ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی منظوری کے بعد باقاعدہ نئے محکمے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 36

تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے پنجاب میں مقدمات کے چالان عدالتوں میں بروقت پیش نہ کرنے کے معاملے پر شہری عمران کی درخواست پر سماعت کی، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور ڈی آئی جی سکیورٹی عدالت میں پیش ہوئے۔دوران سماعت پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے اعتراف کیا کہ پنجاب میں 3 لاکھ 62 ہزار 127 مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع نہیں ہو سکے، 2017 سے لیکر جولائی 2024 تک پچاس لاکھ 31 ہزار سے زائد مقدمات درج ہوئے۔سید فرہاد علی شاہ نے عدالت کو بتایا کہ 8 سال میں 42 لاکھ 96 ہزار 500 مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع ہوئے، 3 لاکھ 72 ہزار 326 مقدمات کی اخراج رپورٹس مرتب ہوئیں۔بعد ازاں چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے مقدمات کے چالان عدالتوں میں بروقت پیش نہ کرنے کے معاملے پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے مقدمات کے چالانوں کی تفصیلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے درخواست پر مزید سماعت 3 ستمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 37

حملے میں جاں بحق ہونے والے دو افراد کی میتیں ان کے ا? بائی گاؤں بورے والا پہنچ گئیں۔تفصیلات کے مطابق شہباز بھٹی اور قدیر کی میتیں بورے والا پہنچنے پر گھروں میں کہرام مچ گیا۔شہباز اور قدیر ایک ساتھی کے ہمراہ انگور کی خریداری کے لیے کوئٹہ گئے تھے جہاں دہشتگردی کا نشانہ بن گئے۔شہباز بھٹی کی رہائش گئو شالہ جبکہ قدیر اسلم کی رہائش نواحی گاؤں 146 ای بی میں ہے۔قدیر اسلم بوڑھے والدین کا اکلوتا سہارا تھا اور دو بچیوں کا باپ تھا۔دونوں جاں بحق افراد کی نماز جنازہ آج ادا کی جائے گی۔

بقیہ 38

اوران میں اضافہ کرنا ہے ۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ثمن رائے نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ریفریشر کورس کے ذریعے اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ تمام متعلقہ تربیت یافتہ افسران CLMIS سے واقف اور لیبارٹری کے کاموں کو مؤثر طریقے سے منظم کرتے ہوئے ڈیٹا کی سالمیت اور تعمیل کو برقرار رکھ سکیں گے۔ CLMIS کا جائزہ اور لیبارٹری کے انتظام میں اس کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں۔اس ٹریننگ میں تمام شرکت کرنے والوں کو سسٹم کا فن تعمیر اور نیویگیشن، صارف کے کردار اور ذمہ داریوں کو سمجھنا اور رسائی کے کنٹرول کو ترتیب دینا، نمونہ کا انتظام، نمونہ رجسٹریشن اور ٹریکنگ، نمونہ لیبلنگ اور بارکوڈنگ، نمونہ ذخیرہ اور بازیافت شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس ٹریننگ سے ان کو ٹیسٹ مینجمنٹ میں ٹیسٹ تخلیق اور ترتیب، ٹیسٹ آرڈرنگ اور شیڈولنگ، ٹیسٹ کے نتائج کا اندراج اور تصدیق کیلئے رپورٹنگ اور تجزیات کو سامنے رکھتے ہوئے رپورٹس جبکہ اور ڈیش بورڈ کو تیار کر سکیں گے ڈیٹا کا تجزیہ اور تشریح، کوالٹی کنٹرول اور کوالٹی اشورنس، آلے کا انضمام، لیبارٹری کے آلات کو CLMIS سے جوڑنا، خودکار ڈیٹا کی منتقلی اور تجزیہ، خرابیوں کا سراغ لگانا اور سپورٹ، عام مسائل اور حل، سسٹم کی بحالی اور اپ ڈیٹس، بہترین طرز عمل اور تعمیل، لیبارٹری کے ضوابط اور معیارات، ڈیٹا کی حفاظت اور رازداری بارے معلومات کو محفوظ بنایا جاسکے گا۔ٹریننگ ورکشاپ میں ان تمام افسران کو تربیت کے طریقے بارے بھی آگاہی دی گئی جس سے انٹرایکٹو لیکچرز اور مظاہرے، ہینڈز آن پریکٹس سیشن، کیس اسٹڈیز اور گروپ ڈسکشنز، علم کی برقراری کا اندازہ کرنے کے لیے کوئز اور تشخیص کرنا ہے ۔اس پورے عمل جس میں لیبارٹری مینیجرز اور سپروائزر، لیبارٹری تکنیکی ماہرین اور تکنیکی ماہرین، کوالٹی اشورنس اور کوالٹی کنٹرول کے اہلکار، CLMIS کی دیکھ بھال کے لیے ذمہ دار IT معاون عملہ دورانیہ شامل ہے۔

بقیہ 39

میں اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں زیادہ سے زیادہ سہولیات مہیا کرنے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے ،اس سلسلے میں ایس ایس پی ٹریفک محمد سرفراز ورک کی زیر صدارت ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں تمام برانچز کے انچارج صاحبان نے شرکت کی، ایس ایس پی ٹریفک نے اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کے مربوط نظام کی بحالی کو یقینی بنانے اور شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کا جائزہ لیا، انہوں نے اسلام آباد میں شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھنے، روڈ ڈسپلن کو قائم رکھنے، ٹریفک قوانین پر پابندی کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف قانونی کارروائیوں کو مزید سخت اور موثر بنانے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں، ٹریفک پولیس کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے ، اپنی ڈیوٹی پوری ایمانداری اور مستعدی سے سرانجام دیں، ڈیوٹی میں کوتاہی اور لاپرواہی کرنیوالوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ مختلف شاہراہوں پر شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرے گی۔

بقیہ 40

گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری آسیہ گل نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ایڈیشنل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ارشد بیگ نے مجوزہ بلدیاتی ایکٹ پر بریفنگ دی۔صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ 7 لاکھ سے زائد آبادی والے شہر کو بگ سٹی قرار دینے کی تجویز دی گئی ہے، پہلی دفعہ تحصیل کونسل کا قیام تجویز کیا گیا ہے۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ حد بندی کے عمل کے بعد یونین کونسلز کی اصل تعداد کا تعین ہوگا۔خواتین، اقلیتوں، کسانوں، ورکرز اور نوجوانوں کی بھی نمائندگی ہوگی، ترمیمی بلدیاتی قانون میں مقامی حکومتوں کو زیادہ بااختیار بنائیں گے۔

بقیہ 41

(ایچ ای سی) نے غیر رجسٹرڈ بین الاقوامی ادارے کی ڈگری کی تصدیق سے انکار کردیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کو فرزانہ ذوالفقار کی ڈگری سے متعلق شکایات موصول ہوئی تھیں۔دستاویز کے مطابق فرزانہ ذوالفقار نے جس ادارے سے ڈگری حاصل کی وہ تسلیم شدہ نہیں ہے۔یونیسکو ویب سائٹ کے مطابق ڈگریاں دینے والا ادارہ رجسٹرڈ ہی نہیں ہے اور بین الاقوامی ادارہ غیر چارٹرڈ ہونے پر ایچ ای سی نے ڈگری تسلیم نہیں کی ہے۔فرزانہ ذوالفقار کی گلگت بلتستان کوٹے پر بطور کونسل رکن تعیناتی بھی غیر قانونی تھی، اس ضمن میں گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ نے وفاقی حکومت سے احتجاج ریکارڈ کرتے ہوئے وفاقی سیکریٹری صحت کو خط ارسال کیا تھا۔

بقیہ 42

گردی کو ختم کرنیکا وقت آ پہنچا، یہ کالعدم تحریک طالبان کے وہ دہشت گرد ہیں جو افغانستان سے کارروائیاں کرتے ہیں، دہشت گرد پاکستان اور چین میں فاصلے پیدا کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس ہوا جس میں اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں متعدد شہری اور اہلکار شہید ہوئے، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں پاکستانی شہری شہید ہوئے، یہ کالعدم تحریک طالبان کے وہ دہشت گرد ہیں جو افغانستان سے کارروائیاں کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی طرف سے افغانستان کو اس سلسلے میں نہ صرف آگاہ کیا گیا بلکہ دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیاں بھی کی گئیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ملک دشمنوں کیساتھ کوئی بات نہیں ہوگی، دہشت گرد پاکستان اور چین میں فاصلے پیدا کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے، اس دہشت گردی کو ختم کرنیکا وقت آ پہنچا، اس سلسلے میں دی گئی قربانیاں رائیگاں نہیں جائے گی، اس سلسلے میں تمام وسائل مہیا کیے جائیں گے۔انہوں نے کہ آرمی چیف، سپاہیوں کا دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم ہے کہ ہرصورت دہشت گردی کا خاتمہ کرکے دم لیں گے، اس پر پوری قوم یکسو ہے، اس میں کوئی دورائے نہیں ہیں۔شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گرد پاکستان میں خلفشار پیدا کرنا چاہتے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ بلوچستان میں اس کی ترقی کے لیے کیے جانے والے اقدامات میں رخنہ ڈالا جائے، بہت جلد بلوچستان کا دورہ کر کے صورتحال کا جائزہ لوں گا، صوبائی حکومتوں کیساتھ مل کر اقدامات کر رہے ہیں، ہمیں دشمن کے مذموم عزائم کو پہچانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے دشمنوں کو پہچانا ہوگا، کسی قسم کی کمزوری اور ضعف کا سوال نہیں پیدا ہوتا، بلوچستان میں جو لوگ پاکستان کے آئین، اس کے جھنڈے کو تسلیم کرتے ہیں، ان کے ساتھ بات چیت کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں لیکن جو اس آڑ میں دوست نما دشمن ہیں، ان کے ساتھ نہ کوئی بات ہو سکتی ہے، نہ ان کے ساتھ کسی قسم کا نرم رویہ اختیار کیا جا سکتا ہے، یہ واضح پیغام ہے، اس میں کوئی دورائے نہیں ہو سکتی، گزشتہ روز کے واقعات سب کے لیے لمحہ فکریہ ہیں، ہم ان مشکلات کو عبور کریں گے۔

بقیہ 43

کے علاقے تیراہ میں انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں 11 خوارج زخمی بھی ہوئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 4 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔آئی ایس پی آر نے بتایا کہ آپریشن میں خوارج کا سربراہ ابوذر عرف صدام بھی مارا گیا۔

بقیہ 44

ضرورت ہے، تمام مکاتب فکر، علما کرام، کمیونٹی لیڈرز، سکیورٹی اداروں کے تعاون سے امن کا قیام یقینی بنائیں گے۔حافظ زبیر حسن ڈویژنل امن کمیٹی لاہور، نائب مہتمم جامع اشرفیہ لاہور، مفتی راغب نعیمی چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل، قاسم علی قاسمی جامع المنظر ماڈل ٹاؤن لاہور اور علما کرام سرگودھا و ڈسٹرکٹ میانوالی بھی ہمراہ تھے۔جبکہ ڈی پی او خوشاب توقیر محمد نعیم، ایس پی آر آئی بی اظہر یعقوب سمیت سینئر افسران بھی آئی جی پنجاب کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 45

کی مکمل حمایت کرتے ہیں، مہنگائی اور ناجائز ٹیکس نے عوام کا جینا دو بھر کر دیا ہے۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ آئی ایم ایف کے حکم پر بنے بجٹ نے عوام کے منہ سے نوالا چھین لیا ہے، کارکن پرامن ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں جے یو آئی (ف) بزنس فورمز اس ہڑتال میں بھرپور حصہ لیں۔

بقیہ 46

پر حکومت کے اتحادی رکن نوید قمر نے کہا کہ اگر ساڑھے گیارہ کا وقت تھا، تو منسٹر صاحبان کی ڈیوٹی ہے کہ ساڑھے گیارہ بجے پہنچ کر جواب دیں، حکومت سنجیدہ نہیں لے گی تو دنیا کیسے سنجیدہ لے گی۔وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ کابینہ میٹنگ تھی، اسی دوران اپوزیشن رکن اورنگزیب کھچی نے کورم کی نشاندہی کردی اپوزیشن ارکان ایوان سے اٹھ کر لابی میں چلے گئے، گنتی کرانے پر کورم پورا نہ نکلا، جس پر ڈپٹی اسپیکر نے اجلاس جمعہ ساڑھے دس بجے تک ملتوی کردیا

بقیہ 47

بیرل کی سطح سے تجاوز کر گئی ہے۔امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت فروخت 78 ڈالر فی بیرل کی سطح کے قریب ہے۔عالمی سطح پر گیس کی قیمت میں بھی 3 فیصد کمی دیکھی گئی ہے اور 1 ڈالر 96 سینٹس میں فروخت ہو رہی ہے۔

بقیہ 48

ٹی 3644 کے طور پر ایتھوپیا کے دارالحکومت عدلیس ابابا سے اڑان بھر کر بھارتی شہر احمد آباد پہنچا، جہاں طیارے نے گزشتہ صبح مقامی وقت کے مطابق 4 بج کر 15 منٹ پر ایئرپورٹ پر لینڈنگ کی کوشش کی، طیارہ رن وے کے عین قریب پہنچ گیا مگر لینڈنگ نہ کر سکا۔اے ٹی سی کی ہدایت پر پائلٹ 1500 فٹ کی بلندی سے واپس چلا گیا، بعدازاں پائلٹ نے طیارے کا رخ کراچی کی طرف کر دیا اور سوا گھنٹے بعد مقامی وقت کے مطابق صبح 4 بج کر 31 منٹ پر اس طیارے نے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈنگ کی۔کراچی میں عملے نے ریسٹ کیا اور بعد میں کارگو طیارے نے احمد آباد کے لیے اڑان بھری۔

بقیہ 49

شیر علی ارباب ضلع پشاور کے صدر تھے۔عاطف خان نے برطرف وزیر شکیل خان کے حق میں بیان دیا تھا جبکہ شیر علی ارباب نے وزیراعلیٰ پر اعتماد سے متعلق اقرار نامے پر دستخط کرنے سے انکار کیا تھا۔عاطف خان کی جگہ ارباب عاصم کو پی ٹی آئی پشاور ریجن کا صدر مقرر کیا گیا ہے جب کہ عرفان سلیم کو پی ٹی آئی ضلع پشاور کا صدر اور شہاب ایڈووکیٹ کو جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔شیر علی ارباب کا کہنا ہے کہ عہدے سے ہٹانے کی وجوہات کا علم نہیں۔واضح رہے کہ شکیل خان کے حق میں بیان دینے پر علی امین گنڈاپور نے رکن قومی اسمبلی جنید اکبر کو فوکل پرسن برائے اراکین قومی اسمبلی کے عہدے سے ہٹا دیا تھا۔دوسری جانب گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ شکیل خان کو خیبر پختونخوا حکومت کی کرپشن بے نقاب کرنے پر وزارت سے ہٹایا گیا ہے۔

بقیہ 50

اس دہشتگردی کا اسی انداز سے مقابلہ اور قلع قمع ہونا چاہیے جس طرح دیگر دہشتگرد تنظیموں کے خلاف ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں نے منظم ہو کر پروگرام بنا کر ایک دن میں تین چار واقعات کیے، دہشتگردوں کی نہ اتنی تعداد ہے نہ اتنی قوت، ہماری فورسز میں اتنی اہلیت ہے کہ دہشتگردوں کا خاتمہ کر سکتے ہیں، دہشتگرد کبھی کبھار چھپ کر کوئی بس روکتے ہیں اور ایسا واقعہ کرتے ہیں، ہمیں اپنی فورسز کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ دہشتگردوں کو جب موقع ملتا ہے وہ ٹولیوں کی صورت میں ایسے واقعات کر دیتے ہیں، دہشتگرد کوئی بہت بڑی قوت نہیں، ان کی رٹ قائم نہیں ہو سکتی، نیشنل سکیورٹی کمیٹی کی میٹنگ بالکل ہوگی، پہلے بھی ہوتی رہی ہے، کمیٹی بڑے تسلسل کے ساتھ ملتی ہے۔سیاسی صورتحال کے حوالے سے بات کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کے ساتھ کسی بھی وقت بیٹھا جا سکتا ہے، فتنہ ایک ہی ہے، وہ پی ٹی آئی کہہ لیں یا بانی پی ٹی آئی، عمران خان کسی کے ساتھ نہ بات کرنے کو تیار ہیں نہ بیٹھنے کو۔ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حقیقت تو ہے لیکن سیاسی جماعت نہیں۔بانی پی ٹی آئی کسی کے ساتھ بیٹھنے کو تیار نہیں، وہ جب اقتدار میں تھے، اس وقت بھی کسی کو کچھ نہیں سمجھتے تھے۔جب وہ ہمارے خلاف مقدمات کر رہے تھے، ہم نے اس وقت بھی میثاقِ جمہوریت کی بات کی۔بانی پی ٹی آئی کا رویہ پاکستان کے لیے افراتفری کا سبب بن سکتا ہے۔جب عمران خان اقتدار میں تھے تو کہتے تھے کسی کو نہیں چھوڑوں گا، اب کہتے ہیں میں نہیں تو پاکستان نہیں، ان کی سیاست میں ایسا خلل ہے جس کو حل ہونا چاہیے، باقی کوئی سیاسی جماعت ایسی نہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر معاملات حل نہ کر سکے۔وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان کوئی فائرنگ نہیں ہوئی، سیاسی جماعتیں اور کارکن بیان نہ دیں تو پھر کیا کریں گے، سیاسی بیان بازی ہوتی رہنی چاہیے۔

بقیہ 51

کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا ستمبر میں پاکستان آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کے ایجنڈے میں شامل ہو جائے گا۔وزیر مملکت کا کہنا تھا جلد پاکستان کے لیے آئی ایم ایف پروگرام منظور ہو جائے گا، آئی ایم ایف پروگرام میں جانے کے بعد کمرشل بینکوں سے مناسب شرح سود پر قرض ملے گا۔واضح رہے کہ عالمی مالیات فنڈ کے ایگزیکیٹو بورڈ کا 4 ستمبر تک کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے جس میں پاکستان شامل نہیں ہے لیکن اس کے باوجود پاکستانی حکام پرامید ہیں کہ ستمبر میں پاکستان کو پاکستان کو آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالر کے بیل آؤٹ پیکیج کی منظوری مل جائے گی۔

بقیہ 52

کا موبائل فون جیب سے نکال لیا گیا۔احسن اقبال ایم پی اے رانا افضال حسین کی نماز جنازہ میں شریک ہوئے تھے، جہاں کسی نے ان کی جیب سے موبائل فون نکال لیا۔پولیس کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر احسن اقبال کا موبائل فون ٹریس کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔یاد رہے کہ گزشتہ روز مسلم لیگ ن کے رکن پنجاب اسمبلی رانا افضال دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 53

نہیں ہیں، ہم مل کر ایسے عناصر کا سد باب کریں گے، جو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں ڈرایا جائے گا ان کو جلد جواب ملے گا، دہشتگردوں نے چھپ کر حملہ کیا ہے، سامنے آ کر مقابلہ کرتے۔وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ کسی آپریشن کی ضرورت نہیں یہ ایک ایس ایچ او کی مار ہیں، دہشتگردوں کا مقابلہ کرنا ہماری فورسز جانتی ہیں، شرپسند عناصر آدھا کلومیٹر کا انتخاب کرتے ہیں، چھپ کر حملہ کرتے ہیں اور بھاگ جاتے ہیں۔محسن نقوی نے مزید کہا کہ ہمیں ان کے پیچھے جانا ہے جو ان کی پشت پر سب پلان کرتے ہیں، آئندہ دنوں میں دیکھیں گے ان کا سب کا بندوبست ہوگا۔وزیراعلی سرفراز بگٹی نے کہا کہ پورے بلوچستان کی فضا سوگوار ہے، پورے بلوچستان کے لوگ دکھی ہیں، بربریت کے ساتھ معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا گیا، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا یہاں آنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ان کا کہنا تھا کہ دہشتگرد ہماری سوسائٹی میں رہ رہے ہیں، دہشتگرد ٹارگٹ کو ڈھونڈتے ہیں اور بسوں سے اتار کر مار دیتے ہیں، ہمیں ان کے خاتمے کیلئے کوئی بھی قیمت ادا کرنا پڑی تو کریں گے۔

بقیہ 54

آن لائن ادارہ ہے جو اعداد و شمار اکٹھا کرنے میں مہارت رکھتا ہے۔طویل ترین دورانیے کیلیے انٹرنیٹ کی بندش میں گزشتہ سال بھارت دنیا بھر میں سرفہرست رہا جہاں 47 کروڑ صارفین کیلئے انٹرنیٹ کی سہولت کو روکا گیا تاہم بھارت کا دنیا بھر میں انٹرنیٹ کی بندش میں چوتھا نمبر ہے۔انٹرنیٹ کی بندش سے مالی نقصان کی مد میں روس سرفہرست ہے جہاں 1350 گھنٹے انٹرنیٹ سروس بند رہی جس سے مالی نقصان کا تخمینہ 4 ارب ڈالرز لگایا گیا ہے، 11 کروڑ 30 لاکھ صارفین متاثر ہوئے۔بھارتی اقتصادیات کو مالی نقصان کا تخمینہ 8 ارب پاکستانی کرنسی میں 10 کروڑ روپے لگایا گیا، 5 کروڑ 90 لاکھ صارفین متاثر ہوئے۔بھارت میں انٹرنیٹ سروس سب سے زیادہ مقبوضہ کشمیر اور راجستھان میں رہی۔ بھارت میں انٹرنیٹ کو ملک میں عوامی احتجاج روکنے کے لیے پیشگی طور پر بند کیا گیا جبکہ منی پور میں نسلی کشیدگی کے پیش نظر انٹرنیٹ کو بند کیا گیا۔

بقیہ 55

کو پی ٹی آئی کا تسلیم کیا انہیں بھی سٹرفکیٹ میں نے جاری کیے ہیں۔ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہم نے آپ کے دستخط کے باعث 39 ارکان کے سٹرفکیٹ تسلیم نہیں کیے، سپریم کورٹ کے حکم پر کیے ہیں۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آپ نے ویڈیو دیکھی ہے، ہمارا واٹر ڈسپنسر بھی لے گئے۔وکیل عزیر بھنڈاری نے کہا کہ الیکشن کمیشن ہدایت دے تو ریکارڈ ایف آئی اے سے حاصل کیا جا سکتا ہے، الیکشن کمیشن نے ایک سوالنامہ بھیجا تھا، پہلا سوال تھا کہ تحریک انصاف کی اب کیا حیثیت ہے، اس سوال کا جواب سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں سے متعلق شارٹ آرڈر میں آ گیا ہے، سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ تحریک انصاف سیاسی جماعت تھی اور ہے۔ممبر کمیشن نے کہا کہ ہم نے یہ نہیں کہا کہ تحریک انصاف رجسٹرڈ سیاسی جماعت نہیں ہے۔پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تفصیلی فیصلے کا انتظار کر لیا جائے تو اس کی وضاحت ہو جائے گی، الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں سے متعلق سپریم کورٹ سے وضاحت مانگی ہے، اس درخواست میں الیکشن کمیشن نے کہا تحریک انصاف کا کوئی انتظامی ڈھانچہ نہیں ہے، ہم الیکشن کمیشن کی اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ ہم نے تحریک انصاف کے نئے انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق سپریم کورٹ میں کوئی گزارش نہیں کی، ہم نے سپریم کورٹ سے پوچھا ہے انٹرا پارٹی انتخابات تسلیم ہونے تک پارٹی سٹرفکیٹ کس کے تسلیم کیے جائیں۔

بقیہ 56

ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی۔پولیس کے مطابق دونوں فریقین آپس میں رشتہ دار ہیں اور کافی عرصہ سے جائیداد کا تنازعہ چل رہا تھا۔ریسکیو بھکر کا کہنا ہے کہ زخمیوں میں نوجوان اور بزرگ بھی شامل ہیں، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کلورکوٹ میں زخمیوں کو طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ایم ایس کلورکوٹ کے مطابق زخمی افراد میں نجیب اللہ، شفیع اللہ، زکاء اللہ، ہدایت اللہ، قیصر اور حمید اللہ شامل ہیں۔

بقیہ 57

ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز ایک منافع بخش ادارہ ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز سالانہ 25 ارب روپے ٹیکس کی مد میں ادا کرتا ہے، دو ارب روپے خالص منافع کما رہا ہے، اربوں روپے اخراجات تنخواہیں ادارہ خود برداشت کر رہا ہے مگر آئی ایم ایف کی ہدایات پر یوٹیلیٹی اسٹورز کو بند کیا جا رہا ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز کی بندش سے گیارہ ہزار افراد بے روزگار ہو جائیں گے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مزید موقف اپنایا کہ کمپنی ایکٹ 2017 کی شق 293 سے 426 تک کمپنی بند کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے، کوئی بھی کمپنی عدالتی حکم یا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہدایات پر بند کی جا سکتی ہے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یوٹیلیٹی اسٹورز کو منافع بخش ادارہ قرار دیا ہے۔ استدعا ہے کہ عدالت 7 اگست 2024 کو کیبنٹ ڈویژن کے جاری مراسلے کو کالعدم قرار دے، عدالت 19 اگست کیبنٹ ڈویژن کی میٹنگ منٹس کو بھی کالعدم قرار دے۔عدالت نے درخواست گزار کا موقف سننے کے بعد وفاقی حکومت، سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن، سیکرٹری وزارت قانون، مینجنگ ڈائریکٹر یوٹیلیٹی اسٹورز کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 4 ستمبر تک جواب طلب کرلیا۔

لاہور میں ایک اور 4 سالہ بچی زیادتی کے بعد قتل، ملزم گرفتار

ملزم نے قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی تھی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 4 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے باٹا پور میں ملزم عبدالرزاق نے 4 سالہ بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور اس کے بعد قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی۔پولیس حکام نے بتایا کہ ملزم عبدالرزاق کو گرفتار کر لیا گیا ہے، ملزم کی نشاندہی کے بعد بچی کی لاش کو بھی تلاش کر لیا گیا، کینٹ ڈویژن جینڈر سیل نے ملزم کا جسمانی ریمانڈ حاصل کر لیا۔واضح رہے کہ چند روز قبل بھی باٹا پور کے علاقے میں ہی ایک بچی کو اغوا کے بعد قتل کر دیا گیا تھا۔

راولپنڈی: شدید بارش میں دن کے وقت بدترین ٹریفک جام کا منظر۔(فوٹو این این آئی/ساجو خان)

اسلام آباد، گودام کی چھت گرنے سے 4 افراد جاں بحق

بارش کے باعث گلیوں اور شاہراوں پر پانی کھڑا ہوگیا، متعدد فیڈرز ٹرپ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بارش کے باعث گودام کی چھت گرنے سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں گزشتہ کئی گھنٹوں سے بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا ہے جب کہ محکمہ موسمیات نے آئندہ 4 روز کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیش گوئی ہے۔شدید بارش کے باعث واسا راولپنڈی نے ہائی الرٹ جاری کرتے ہوئے رین ایمرجنسی نافذ کردی ہے، واسا کے مطابق نالہ لئی میں کٹاریاں کے مقام پر پانی کی سطح 5 فٹ جب کہ گوالمنڈی پل پر 4 فٹ رہا۔چکوال اور گردونواح میں موسلادھار بارش سے نالہ چھپر میں طغیانی آ گئی اور بارش کا پانی گھروں اور دکانوں میں داخل ہوگیا، مقامی انتظامیہ کی طرف سے الرٹ جاری کردیا گیا۔سیالکوٹ اور گردو نواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ وقفے وقفے سے تیز بارش کے باعث بجلی کے فیڈر ٹرپ کر گئے۔جہلم اور گرد و نواح میں بھی بارش کا سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہا، بارش کے باعث گلیوں اور شاہراوں پر پانی کھڑا ہوگیا اور بجلی کے متعدد فیڈرز ٹرپ ہوجانے سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔بارش کے دوران مختلف حادثات پیش آنے کی اطلاعات بھی سامنے آ رہی ہیں، اسلام آباد کے تھانہ ہمک کے علاقے میں بارش کے باعث گودام کی چھت گرنے سے 8 مزدور نیچے دب گئے، 5 مزدوروں کو فوری طور پر ملبے کے نیچے سے نکال لیا گیا۔ریسکو حکام کے مطابق 5 میں سے 2 مزدور جاں بحق ہوگئے جبکہ دیگر کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا۔حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والے شہریوں کی شناکت لکی، سجاد، کبیر اور اعجاز کے ناموں سے ہوئی۔بعد ازاں حکام نے بتایا کہ حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 4 ہوگئی۔آخری اطلاعات تک ملبے تلے دبنے والے 3 افراد کی تلاش جاری تھی، انہیں سراغ رساں کتوں سے ڈھونڈنے کی کوشش جاری ہے

سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد 23 ہوگئی، 57 لاکھ افراد متاثر

بارشوں اور سیلاب کے باعث 11 اضلاع میں 12 لاکھ 40 ہزار خاندان پھنسے ہوئے ہیں

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے باعث 23 افراد ہلاک جبکہ 57 لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں۔بنگلا دیشی حکام کے مطابق بارشوں اور سیلاب کے باعث 11 اضلاع میں 12 لاکھ 40 ہزار خاندان پھنسے ہوئے ہیں۔بنگلا دیشی حکام کا کہنا ہے کہ تقریباً 4 لاکھ 70 ہزار افراد نے سیلاب زدہ علاقوں میں 3500 شیلٹرز میں پناہ لی ہے۔بنگلا دیش کے محکمہ ? موسمیات کا کہنا ہے کہ مون سون بارشیں جاری رہیں تو سیلابی صورت حال برقرار رہ سکتی ہے۔بنگلا دیش کی وزارتِ زراعت کے مطابق وسیع علاقے پانی میں ڈوبے رہنے سے فصلوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

گورنر سندھ کی ایرانی تاجروں کو ایس آئی ایف سی میں سرمایہ کاری کی دعوت

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے ایرانی تاجروں کو ایس آئی ایف سی میں سرمایہ کاری کی دعوت دے دی۔گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے ایرانی قونصل خانہ کراچی میں ایرانی تاجروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آرمی چیف نے ایس آئی ایف سی کی صورت میں معاشی ترقی کا پلیٹ فارم دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک کی طرح ایرانی تاجر بھی ایس آئی ایف سی میں سرمایہ کاری کریں، پاک ایران تجارت 50 ارب ڈالر تک لے جانا ممکن ہے۔

یہ کالعدم تحریک طالبان کے وہ دہشت گرد ہیں جو افغانستان سے کاروائیاں کرتے ہیں شہباز شریف

ملک دشمنوں سے بات نہیں ہوگی وزیراعظم

یہ کالعدم تحریک طالبان کے وہ دہشت گرد ہیں جو افغانستان سے کارروائیاں کرتے ہیں، دہشت گرد پاکستان اور چین میں فاصلے پیدا کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے، کابینہ اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک دشمنوں کیساتھ کوئی بات نہیں ہوگی، دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے، اس دہشت گردی کو ختم کرنیکا وقت آپہنچا، یہ کالعدم تحریک طالبان کے وہ دہشت گرد ہیں جو افغانستان سے کارروائیاں کرتے ہیں، دہشت گرد پاکستان اور چین میں فاصلے پیدا کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردوں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس ہوا جس میں اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں متعدد شہری اور اہلکار شہید ہوئے، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے(بقیہ نمبر 42)

بلوچستان میں دہشتگرد حملے پلاننگ سے کیے گئے ثناء اللہ

دہشتگردی کے پیچھے وہ ممالک ہیں جنہوں نے گزشتہ 75 سالوں سے ہمارے ملک کے وجود کو تسلیم ہی نہیں کیا

دہشتگردوں کی نہ اتنی تعداد ہے نہ اتنی قوت، ہماری فورسز میں اتنی اہلیت ہے دہشتگردوں کا خاتمہ کر سکتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگرد حملے پلاننگ سے کیے گئے، پیچھے دشمن ملک ہے، دہشتگردوں کی نہ اتنی تعداد ہے نہ اتنی قوت، ہماری فورسز میں اتنی اہلیت ہے کہ دہشتگردوں کا خاتمہ کرسکتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کا رویہ پاکستان کی سیاست میں خلل ہے، پی ٹی آئی حقیقت تو ہے لیکن سیاسی جماعت نہیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے پیچھے وہ ممالک ہیں جنہوں نے گزشتہ 75 سالوں سے ہمارے ملک کے وجود کو تسلیم ہی نہیں کیا،(بقیہ نمبر 50)

وزیراعظم آفس کی کفایت شعاری پالیسی کی خلاف ورزی

اسلام آباد(این این آئی) پوری حکومت کیلئے کفایت شعاری کی پالیسی منظور کرنے والا وزیراعظم آفس اسی پالیسی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اور اپنے ہی ملازمین کو اعزازیہ دینے میں ملوث پایا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں بتایا کہ وزیراعظم آفس نے مالی سال 2022-23 کے دوران آپریشنل اخراجات کے حوالے سے کفایت شعاری کے اقدامات پر عمل نہیں کیا۔ جب آڈٹ حکام نے وضاحت کیلئے وزیراعظم آفس سے رجوع کیا تو موخرالذکر نے کفایت شعاری کے اقدامات اور باضابطہ انداز سے اعزازیہ کی ادائیگی کے معاملے پر جواب تک دینا گوارا نہ کیا۔

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن ملک گیر شٹر ڈاؤن کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

اسلام آباد، گودام کی چھت گرنے سے 4 افراد جاں بحق

بارش کے باعث گلیوں اور شاہراوں پر پانی کھڑا ہوگیا، متعدد فیڈرز ٹرپ

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد میں بارش کے باعث گودام کی چھت گرنے سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں گزشتہ کئی گھنٹوں سے بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا (بقیہ نمبر 2)

کھوٹہ کوسٹر حادثے کی تحقیقات میں کوسٹر مالک، اڈہ منیجر و ڈرائیور کی سنگین غفلت کا انکشاف

کھوٹہ پولیس نے کوسٹر مالک، نیو سپر کمشیر اڈہ کے منیجر سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

تیز رفتاری وغفلت سے ڈرائیونگ کرنے سمیت اعانت جرم اور جان و مال کو نقصان کی دفعات شامل

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ کھوٹہ کے علاقے آزاد پتن روڈ پر گراری پل کے قریب کوسٹر حادثے کی ابتدائی تحقیقات میں کوسٹر مالک، اڈہ منیجر و ڈرائیور کو قوانین پر عمل درآمد کرانے میں شامل سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی سمیت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی حکام کی سنگین غفلت و لاپرواہی کا انکشاف ہوا ہے۔ کھوٹہ پولیس نے کوسٹر مالک، نیو سپر کمشیر اڈہ کے منیجر سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج (بقیہ نمبر 3)

ڈالر مزید سستا ہوگیا، اسٹاک مارکیٹ میں بھی تیزی کا رجحان

کراچی (این این آئی) اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری، انٹر بینک میں ڈالر کی قیمت کم ہوگئی، دوسری جانب پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بھی مثبت کاروبار دیکھنے میں آیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹربینک میں امریکی کرنسی کی قیمت 7 پیسے کم ہوئی جس کے بعد ڈالر 278 روپے 35 پیسے کا ہوگیا۔ دوسری جانب اسٹاک ایکسچینج میں تیزی کا رجحان دیکھا گیا، کاروبار کے آغاز پر 100 انڈیکس میں 206 (بقیہ نمبر 4)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسپیکر سردار ایاز صادق کا فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کے دوران شہید ہونے والے قوم کے جری سپوتوں کو خراج عقیدت

پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا وادی تیرہ میں فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کے دوران 25 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ اسپیکر کا فتنہ الخوارج کے خلاف آپریشن کے دوران شہید ہونے والے قوم کے جری سپوتوں کو خراج عقیدت۔ اسپیکر کا شہداء کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار۔ شہداء کے اہلخانہ کے غم اور دکھ میں برابر کا شریک ہوں، اسپیکر قومی اسمبلی پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے دہشتگردی کے ناسور (بقیہ نمبر 5)

الیکشن کمیشن کا این اے 79 گوجرانوالہ میں دوبارہ گنتی کا حکم

اسلام آباد(این این آئی) الیکشن کمیشن نے این اے 79 گوجرانوالہ میں دوبارہ گنتی کا حکم جاری کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے حکم نامے میں ریٹرننگ آفیسر کو ہدایت دی کہ وہ دو روز میں دوبارہ گنتی کرکے فارم 49 جاری کرے، دوبارہ گنتی کے بعد کامیاب امیدوار کا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔ حکم نامے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ فیصلے میں دوبارہ گنتی کا اختیار الیکشن کمیشن کو دے چکی ہے، دوبارہ گنتی میں ریٹرننگ افسر مسترد شدہ ووٹوں کا بھی جائزہ لے، ریٹرننگ آفیسر گنتی کرا کر دو روز میں رپورٹ جمع کرائے۔

حیدرآباد، کسٹم حیدرآباد ریجن کے ڈپٹی کلکٹر ماجد جونیجو گاڑی کے کاغذات جے یو آئی رہنماؤں مولانا تاج محمد ناہیوں اور مولانا سمیع الحق سواتی کے حوالے کر رہے ہیں

سعودی عرب کی ریکوڈیک منصوبے کے 15 فیصد حصے خریدنے کی پیشکش

معاہدہ سے دونوں ملکوں کے معاشی تعلقات کو مضبوط ، روزگار کے مواقع فراہم ہونگے ، پٹرولیم ڈویژن

اسلام آباد(این این آئی) سعودی عرب نے پاکستان میں ریکوڈیک کان کنی کے منصوبے کے 15 فیصد حصے خریدنے کی پیش کش کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سعودی عرب کان کنی کے علاقے کے اطراف انفرااسٹرکچر کی تعمیر میں خاطر خواہ گرانٹ دے گا۔ یہ اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تحت پہلا سرمایہ کاری کا منصوبہ ہوگا۔ اس پیشکش میں 15 فیصد حصص خریدنے اور انفرااسٹرکچر کی تعمیر کیلئے گرانٹ شامل ہے۔ ان مباحثوں میں شریک حکومتی افراد نے بتایا کہ اس پیش کش کے جواب میں پاکستان نے ایک مذاکراتی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے جو سعودی پیش کش کا جائزہ لے گی اور مذاکرات کے بعد حتمی قیمت کی سفارش کر کے وفاقی (بقیہ نمبر 6)

ارشد شریف قتل کیس جوڈیشل کمیشن بنانے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

کینیا کی حکومت کی جانب سے ایک حد تک رسائی دی گئی تھی جس کے بعد فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ تیار کی گئی، اٹارنی جنرل

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے صحافی ارشد شریف کے قتل کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن بنانے کی حامد میر کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ جسٹس عامر فاروق نے کیس کیسماعت کی، اٹارنی جنرل عدالت میں پیش ہوئے جبکہ درخواست گزار حامد میر اپنے وکیل شعیب رزاق کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر اٹارنی جنرل منصور اعوان نے بتایا کہ کینیا حکومت کے ساتھ معاہدہ ہونا ہے، کینیا کی حکومت کی جانب سے ایک حد تک رسائی دی گئی تھی جس کے بعد فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ تیار کی گئی، جب وہ رپورٹ پبلک ہوئی تو کینیا کی حکومت نے ناراضی کا اظہار کیا اور رسائی ختم کر دی، اس کے بعد کینیا میں عام انتخابات ہوگئے اور اس کے بعد رپورٹ مکمل کی گئی، معاہدے کا ڈرافٹ تیار ہونے کے بعد کابینہ نے منظور کرلیا ہے، اب کینیا بھیجا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ارشد شریف کے معاملے میں دو پاکستانیوں سے تفتیش کی گئی، اس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ درخواست جوڈیشل کمیشن سے متعلق ہے، جو معاہدہ ہوا ہے یا نہیں ہوا جو بھی ہے اس پر پاکستان کا کیا مقف ہے؟ جے آئی ٹی کا (بقیہ نمبر 7)

سیکرٹری داخلہ نورالامین مینگل، آئی جی کارات گئے کالاباغ میانوالی کا دورہ

کالاباغ میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا، دونوں مکاتب کو پرامن رہنے کی تلقین

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے رات گئے کالا باغ میانوالی کا دورہ کر کے امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ہوم سیکرٹری اور آئی جی پنجاب نے دونوں مکاتب کو پرامن رہنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ بین المسالک ہم آہنگی، اتحاد اور رواداری کو فروغ دینے کی اشد (بقیہ نمبر 44)

مولانا فضل الرحمٰن مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین کی عیادت کررہے ہیں

سندھ: سرکاری اسکولوں سے غیر حاضر ملازمین کو نکالنے کا فیصلہ

نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ تعلیم سندھ نے غیر حاضر اساتذہ کی حتمی لسٹ طلب کرلی

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے سرکاری اسکولوں سے غیر حاضر ملازمین کو نکالنے کا فیصلہ کرلیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ تعلیم سندھ نے غیر حاضر اساتذہ کی حتمی لسٹ طلب کر لی ہے۔ تمام ڈسٹرکٹ، تعلقہ ایجوکیشن افسران کو دو روز میں حتمی ڈیٹا فراہمی کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ غیر حاضر ملازمین نے وارننگ کے باوجود متعلقہ افسران سے رابطہ نہیں کیا، ایف آئی اے نے محکمہ تعلیم کو بیرون ملک میں مقیم ملازمین کا ڈیٹا (بقیہ نمبر 8)

واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین کے ملازمین نج کاری کیخلاف مری روڈ پر احتجاج کررہے ہیں

آٹھویں کلاس کا طالبعلم ہم جماعت کو قتل کر کے فرار

حسنین علی اور میثم شاہ کے درمیان واٹس ایپ پر گفتگو کے دوران تلخ کلامی ہوئی تھی، پولیس

سرگودھا(این این آئی) سرگودھا میں واٹس ایپ کال پر تلخ کلامی کا بدلہ لینے کے لیے کمسن لڑکے نے پستول سے فائر کرکے اپنے ہم جماعت کو قتل کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا کے علاقے ظفر کالونی کے رہائشی ٹرک مکینک ساجد علی کا بیٹا حسنین علی اور میثم شاہ دونوں ہم جماعت تھے۔ پولیس کے مطابق دونوں اکثر اوقات واٹس ایپ پر میسج اور کال کرتے رہتے تھے، حسنین علی اور میثم شاہ کے درمیان واٹس ایپ پر گفتگو کے دوران تلخ (بقیہ نمبر 9)

یورپی یونین کی بلوچستان میں دہشت گرد حملوں کی مذمت

ایسی کارروائیاں جمہوریت کی بنیادوں کیلئے خطرہ ہے پیغام جاری

برسلز(این این آئی) یورپی یونین نے بلوچستان میں دہشت گردی کے حملوں کی مذمت کردی۔ یورپی یونین کی خارجہ امور اور سیکیورٹی پالیسی کی ترجمان نبیلہ مسرالی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پیغام جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ہم بلوچستان میں علیحدگی پسند گروپوں کے گھناؤنے حملوں کی مذمت کرتے ہیں، دہشت گردی اور تشدد کی کہیں(بقیہ نمبر 10)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ آنجہانی ہندو نوجوان کے گھر جا کر اظہار تعزیت کررہے ہیں

دہشتگرد و ڈاکو دندنا رہے، شہباز، زرداری، مریم صرف مذمتیں کررہے ہیں

پنجاب کے بعد بلوچستان میں سفاکانہ کارروائیوں پر ہر آنکھ اشکبار ہے، بیرسٹر سیف

پشاور(این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ پنجاب اور بلوچستان میں دہشت گرد اور کچے کے ڈاکو دندناتے پھر رہے ہیں، شہباز شریف، زرداری اور مریم نواز صرف مذمتیں ہی کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پورا ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، پنجاب کے بعد بلوچستان میں سفاکانہ کارروائیوں پر ہر آنکھ اشکبار ہے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا نے (بقیہ نمبر 11)

ڈی جی کوارڈی نیشن وفاقی محتسب اسلام آباد محمد اشفاق احمد لاہور چیمبر آف کامرس کے صدر کاشف انور کو شیلڈ دے رہے ہیں

وفاقی محتسب کی جانب سے لاہور چیمبر میں سیمینار کا انعقاد

تاجر برادری کے لئے ہمارے دروازے ہروقت کھلے ہیں' ڈی جی اشفاق احمد

لاہور (این این آئی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب ریجنل آفس لاہور کی جانب سے لاہور چیمبر آف کامرس میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ قیادت ڈائریکٹر جنرل کوآرڈینیشن اسلام آباد محمد اشفاق احمد نے کی ۔ آگاہی سیمینار میں اسوسی ایٹ ایڈوائزر وفاقی محتسب لاہور طارق محمود، صدر چیمبر آف کامرس کاشف انور ، (بقیہ نمبر 12)

جلسہ ملتوی کرنے کیلئے اسٹیبلشمنٹ نے مجھ سے رابطہ کیا تھا' علی امین گنڈاپور

بانی پی ٹی آئی عمران خان سے فون پر بات کرنے سے بھی انکار کردیا تھا

پشاور(این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے کہ 22 اگست کو اسلام آباد کا جلسہ ملتوی کرنے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان سے فون پر بات کرنے سے بھی انکار کردیا تھا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ اسلام آباد کا جلسہ ملتوی کرنے کے لیے اسٹیبلشمنٹ نے مجھ سے رابطہ کیا تھا، مجھ سے اسٹیبلشمنٹ نے نچلی سطح پر رابطہ نہیں کیا، میں وزیراعلیٰ ہوں تو مجھ سے اسی لیول کا رابطہ ہوا۔ علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا 22 اگست کو میں نے جلسہ ملتوی کرنے سے انکار کردیا تھا اور میں نے بانی پی(بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مقامی گیس کا 50 فیصد حصہ کھاد، پاور سیکٹر لے رہے ہیں' مصدق ملک

لاہور(این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ سستی اور مقامی گیس کی 48 سے 50 فیصد گیس کھاد کارخانے اور پاور سیکٹر لے اڑتے ہیں۔ م 3200 ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کررہے ہیں(بقیہ نمبر 34)

بلوچستان میں شہید ہونیوالوں کیلئے شہداء پیکیج کا اعلان

شہداء کے لواحقین کو 10، 10 لاکھ روپے امداد دی جائے گی' مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم

پشاور(این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے بلوچستان میں شہید ہونے والوں کے لیے شہداء پیکیج کا اعلان کردیا۔ بلوچستان کے متعدد اضلاع میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دہشت گردی کے پے در پے واقعات میں 37 سے زائد افراد جاں بحق ہوگئے۔ بلوچستان کے متعدد اضلاع میں فائرنگ اور بم دھماکوں کے (بقیہ نمبر 33)

محکمہ خوراک 66 سال بعد ختم کرنیکا الٹی میٹم

محکمہ خوراک ختم ہونے سے خالص غذا ایکٹ، شوگر فیکٹری کنٹرول ایکٹ، اشیائے خوردنی کنٹرول ایکٹ اور فوڈ اتھارٹی کنٹرول ایکٹ اکٹھے کردیے جائیں گے

لاہور(این این آئی) 1958 میں ایکٹ کے تحت قائم ہونے والے محکمہ خوراک کو 66 سال بعد ختم کرنے کا الٹی میٹم دیدیا گیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ خوراک ختم ہونے سے خالص غذا ایکٹ، شوگر فیکٹری کنٹرول ایکٹ ، اشیائے خوردنی کنٹرول ایکٹ اور فوڈ اتھارٹی کنٹرول ایکٹ اکٹھے کردیے جائیں گے، محکمہ خوراک کو ختم کرنے کیلئے تجاویز مرتب کرلی گئیں۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کو تجاویز بھجوادی گئیں، محکمہ خوراک کی جگہ ''کموڈیٹی کنٹرول اینڈ مینجمنٹ سسٹم'' کے نام سے نیا محکمہ بنایا جائے گا۔ تجاویز میں کہا گیا ہے کہ نئے (بقیہ نمبر 35)

اویس لغاری کا اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی آئیسکو کا دورہ

چیئرمین آئیسکو بورڈ ڈاکٹر طاہر مسعود نے انتظامی اور آپریشنل امور کے بارے میں بریفنگ دی

حکومت پاکستان اور منسٹری آف انرجی پاور ڈویژن بجلی چوروں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر یقین رکھتے ہیں

وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان آئیسکو میں میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر توانائی(پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے وفاقی سیکرٹری(پاور ڈویژن) ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان اور دیگر سینئر افسران کے ہمراہ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی آئیسکو کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز آئیسکو ڈاکٹر طاہر مسعود نے وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) کو آئیسکو کے انتظامی اور آپریشنل اُمور کے بارے میں مکمل بریفنگ دی۔ دورے کے موقع پر وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) کا کہنا تھا کہ حکومت پاکستان اور منسٹری آف انرجی پاور ڈویژن بجلی چوروں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر یقین رکھتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ گورنمنٹ اور پرائیوٹ صارفین سے واجبات کی سو فیصد ریکوری بھی یقینی بنائی جائے اور اس سلسلے میں آئیسکو کو حکومت پاکستان، وزارت توانائی اور لا انفورسمنٹ اداروں کی مکمل سپورٹ حاصل ہے۔ انھوں نے چیف ایگزیکٹیو آئیسکو محمد نعیم جان کو(بقیہ نمبر 14)

تعلیمی اداروں میں منشیات کی سپلائی میں ملوث اعلیٰ تعلیم یافتہ طالب علم گرفتار

سی ایس ایس کے امتحان کی تیاری کرنے والے طالب علم کو گرفتار کرکے ''ویڈ'' بھی برآمد کرلی گئی

اسلام آباد(این این آئی) اے این ایف نے تعلیمی اداروں سمیت ہاسٹل میں منشیات کی سپلائی میں ملوث اعلیٰ تعلیم یافتہ سی ایس ایس کے امتحان کی تیاری کرنے والے طالب علم کو گرفتار کرکے ''ویڈ'' بھی برآمد کرلی۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف نے تعلیمی اداروں و ہاسٹلز میں منشیات کی روک تھام اور ملوث عناصر کے گرد گھیرا تنگ کر رکھا ہے۔ حکام کے (بقیہ نمبر 15)

آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکر یونین کے زیراہتمام ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کررہے ہیں

بورے والا میں معمولی تلخ کلامی پر نند اور دیور نے بھابھی پر تیزاب پھینک دیا

بورے والا (این این آئی) بورے والا میں معمولی تلخ کلامی پر نند اور دیور نے بھابھی پر تیزاب پھینک دیا، جس کے باعث خاتون کا چہرہ، گردن اور بازو جھلس گئے۔ پنجاب کے شہر بورے والا میں تیزاب گردی کا افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں تلخ کلامی پر نند اور دیور نے بھابھی پر تیزاب پھینک دیا۔ تیزاب گردی کا شکار خاتون کا چہرہ، گردن اور بازو جھلس گئے، جس کے بعد متاثرہ خاتون کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

گھوٹکی میں صحافی بچل گھنیو کو قتل کردیا گیا' لاش اوباڑو اسپتال منتقل

گھوٹکی (این این آئی) گھوٹکی کے علاقے رونتی میں صحافی بچل گھنیو کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اہل علاقہ کا موقف ہے کہ صحافی بچل گھنیو کو ڈاکوؤں نے قتل کیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان بچل گھنیو کو قتل کرنے کے بعد فرار ہوگئے، صحافی کی لاش اوباڑو اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق حملے کے وقت صحافی بچل گھنیو اپنے کھیتوں میں گیا تھا، واقعے کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

سندھ میں شدید بارشوں کا امکان، رین ایمرجنسی سیل قائم

تمام وزراء، مشیران، معاونین خاص، ڈویژنل کمشنرز کو چوکس و متحرک رہنے کی ہدایات دیں

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ بھر میں شدید بارشوں کا امکان ہے، اس حوالے سے وزیراعلیٰ ہاؤس میں رین ایمرجنسی سیل قائم کر دیا گیا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے بتایا کہ سندھ بھر میں 27 تا 31 اگست میں شدید بارشوں کا امکان ہے، حکومت سندھ کی جانب سے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ سینئر وزیر کا کہنا تھا کہ مون سون بارشوں کے پیش نظر صوبے کے 30 اضلاع میں انچارج مقرر کیے گئے ہیں۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ نے تمام وزراء ، مشیران، معاونین خاص، ڈویژنل کمشنرز کو چوکس و متحرک رہنے کی ہدایات دیں ہیں۔ سینئر وزیر نے بتایا کہ سمندر میں بھی طغیانی کا خدشہ ہے، ماہی گیروں کو سمندر میں نہ جانیکی ہدایت کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 16)

دوہرے قتل کے مجرم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

سیکرٹری داخلہ، صوبائی چیف سیکرٹیریز سمیت تمام سرکاری لا افسران کو ارسال کرنے کی ہدایت

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے دوہرے قتل کے مجرم غلام شبیر کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دیا۔ عدالت عظمیٰ نے کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا، 9 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس جمال خان مندوخیل نے تحریر کیا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کے تحریر کردہ فیصلے میں کہا گیا کہ سزائے موت کے تمام مجرمان ایک ہی واش روم استعمال کرتے ہیں، سزائے موت کے مجرم کا سیل 12*9 کا رکھا جاتا ہے، سزائے موت کے مجرم کو دن میں صرف ایک گھنٹہ باہر نکلنے کی اجازت ہوتی ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ڈیتھ سیل کے حالات دیگر قیدیوں کی نسبت بدترین ہیں، ڈیتھ سیل میں مجرم کو تنہا اور کڑی نگرانی میں رکھا جاتا ہے، سزائے موت کا مطلب یہ نہیں کہ مجرم کے ساتھ غیر انسانی سلوک کیا جائے، اقوام متحدہ نے قیدیوں کے حقوق سے متعلق نیلسن مینڈیلا رولز بنا رکھے ہیں، پاکستان بھی اقدام متحدہ کا رکن ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پاکستان کے جیل قوانین فرسودہ ہوچکے جن پر حکومت نے بھی توجہ نہیں دی، حکومت کو سزائے موت کے قیدیوں سے متعلق فوری اقدامات کرنے چاہئیں۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ غلام شبیر 34 سال سے قید میں ہے، مجرم عمر قید سے زیادہ سز(بقیہ نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر جھنگ محمد عمیر کا مجید امجد پارک کا دورہ

شجرکاری مہم کے دوران لگائے جانے والے پودوں کی نگہداشت اور دیکھ بھال کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں

صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر کیا جائے۔ اس ضمن میں کسی قسم کی شکایت موصول نہیں ہونی چاہیے

جھنگ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی جھنگ خرم شہزاد بھٹی، سی او ایم سی اور ضلع کونسل کے افسران کے ہمراہ مجید امجد پارک کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے صفائی کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ شجر کاری مہم کے دوران لگائے جانے والے پودوں کی نگہداشت اور دیکھ بھال کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں۔ صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر کیا جائے۔ اس ضمن میں کسی قسم کی شکایت موصول نہیں ہونی چاہیے۔ سٹاف پودوں کی دیکھ بھال کیلئے متحرک رہے(بقیہ نمبر 18)

جھنگ: ڈپٹی کمشنر محمد عمیر مجید امجد پارک میں صفائی ستھرائی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی خرم شہزاد بھٹی اور سی او ایم سی بھی ہمراہ ہیں۔

خیبر پختونخوا کابینہ میں ردوبدل، احتشام علی مشیر صحت

پشاور(این این آئی) خیبر پختونخوا کابینہ میں ردوبدل کیا گیا ہے، احتشام علی کو مشیر صحت نامزد کیا گیا ہے، وزیر صحت قاسم علی شاہ سے صحت کا قلمدان لے کر سماجی بہبود کا محکمہ تفویض کیا گیا ہے۔ پیر مصور غازی معاون خصوصی برائے ماحولیاتی تبدیلی نامزد کیے گئے ہیں۔ سہیل آفریدی کو معاون خصوصی سی اینڈ ڈبلیو نامزد کیا گیا ہے۔ نیک محمد معاون خصوصی برائے ریلیف نامزد کیے گئے ہیں جبکہ مزید تبدیلیاں بھی متوقع ہیں۔

پبلشر وچیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351